فیوض الحرمین
مع اردو ترجمہ
سعادت کونین
تصنیف
شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
ناشر
ڈاکٹر عبدالجبار عابد لغاری
ڈائریکٹر
شاہ ولی اللہ اکیڈمی صدر حیدرآباد
www.maktaban.org

(مخزن "الولی" اپریل ۲۰۰۴ء تا مارچ ۲۰۰۶ء تک کے شماروں کے برابر کی اشاعت)

فیوض الحرمین

مع اردو ترجمہ

سعادت کونین

تصنیف

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

ڈاکٹر عبدالجبار عابد لغاری

ڈائریکٹر

شاہ ولی اللہ اکیڈمی صدر حیدرآباد

کتاب کا نام : فیوض الحرمین مع اردو ترجمہ سعادت کونین

تصنیف : شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر : ڈاکٹر عبدالجبار عابد لغاری - موبائل نمبر: 0301-3522934

طبع : اوّل

تعداد : چارسو

کمپیوٹر لے آؤٹ : خلیل احمد بھٹو

کمپیوٹر کمپوزنگ : السندھ کمپیوٹر کمپوزنگ - لطیف آباد نمبر 4/B حیدرآباد 022-3812993

پبلشر : نفیس پرنٹنگ پریس - لجپت روڈ حیدرآباد 022-2782345

قیمت : 120 روپیہ

سال اشاعت : اپریل 2007ء

ملنے کا پتہ

① شاہ ولی اللہ اکیڈمی - صدر جامع مسجد حیدرآباد سندھ

پوسٹ بکس نمبر 72 - فون: 022-2787203

② سندھ کے معروف کتب خانے

یہ کتاب ڈاکٹر عبدالجبار عابد لغاری ڈائریکٹر شاہ ولی اللہ اکیڈمی نے نفیس پرنٹنگ پریس لجپت روڈ حیدرآباد سے شائع کی۔

''فیوضِ الحرمین'' کے بارے میں

اک عام مسلمان جب مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں داخل ہوتا ہے تو اپنے دل میں ہزار' احساسات اور جذبات سمیٹے ہوئے اللہ جل شانہٗ اور رسولِ اکرم ﷺ کا دعاؤں میں ورد کررہا ہوتا ہے۔ اللہ جل شانہٗ اپنے ان بندوں کی جذباتی کیفیت کو بخوبی جانتا ہے، اس لئے ان کے لئے اپنی رحمتوں کے دروازے کھول دیتا ہے۔ بلکہ ان کے پیارے بندوں کے دن اور راتیں کچھ اور ہی انداز سے گذرتی ہیں۔ ان کی آنکھیں، دل اور دماغ بلکہ پورا وجود ایسے ایسے نظارے اور مشاہدے کرتے رہتے ہیں کہ وہ کسی لمحہ بھی اپنے خالق اور اس کے رسول مقبول ﷺ سے غافل رہ نہیں سکتے۔ بس ایسے ہی بندوں کو چنا جاتا ہے جو خلیفۃ اللہ اور خلیفۃ الرسول ﷺ کے ناطے وہ اپنے اپنے دور کے خلیفۃ المسلمین کی حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔

بلاشبہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ، جس نے اپنے آپ کو اپنے خطوط میں ''فقیر'' کر کے بار بار لکھا ہے، وہ باطن کی بہت سی باتوں کو نہ فقط سمیٹ کر حرمین شریفین سے واپس ہندوستان لوٹے تھے، بلکہ کئی ایک سہانے خوابوں، القا، الہام اور مشاہدات کا امین ''اسم بامسمہ'' بن کر لوٹے تھے۔ واقعی وہ ایسے ''فقیر'' تھے کہ فقر اور غنا کے مابین رہتے ہوئے آنحضرت ﷺ سے کئی بار احکامات حاصل کئے اور اللہ جل شانہٗ کی قدرت ارفعہ سے اپنے قلب پر وارداتیں، الہام اور القا کے مشاہدے حاصل کئے۔ آپ نے کچھ بھی نہیں چھپایا، بلکہ جو جو باتیں ان کو ودیت کی گئیں، ان کو بلا مبالغہ پیش کر کے عام مسلمانوں کی ہدایت کی اور وقت کے علماء اور فضلا کی رہنمائی کی۔

جس طرح انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام اللہ کے رسول تھے۔ اسی طرح اولیاء اللہ ہر دور میں پیدا ہوتے رہتے ہیں اور ہوتے رہیں گے۔ جس طرح انبیاء علیہم السلام اللہ کے احکامات اپنی اپنی امت کو پہنچاتے رہے اور آخری نبی ﷺ نے آخری مکمل دین تا قیامت کے لئے لوگوں کو پہنچایا۔ اسی طرح اولیاء کرام بھی حاصل کردہ مشاہدات اور تجلیات تا قیامت انسانوں کو پہنچاتے رہیں گے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ بھی سارے القا اور مشاہدے لکھ کر ساری انسانیت کی رہنمائی کی ہے۔ اس کتاب میں یا ان کی دوسری کتاب "القاء الرحمٰن" میں بہت کچھ لکھا اور انکشافات ایسے ایسے کئے ہیں کہ لوگ اُس وقت سے لیکر اب تک حیرت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ آپ خود اس کتاب "فیوض الحرمین" میں جو بلاشبہ عام کتابوں سے مختلف ہے، اور جس طرح حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اصل کتاب مشکل تھی تو اس کا اردو ترجمہ بھی آسان نہیں۔ بہرحال جو دل سے پڑھے گا، وہی فیضیاب ہوگا۔

میں شکر گذار ہوں جناب سردار میر منظور احمد خان پنہور صوبائی وزیر اوقاف، عشر، زکوٰۃ اور اقلیتی امور کا، جنہوں نے خاص دلچسپی لیکر اس بندہ ناچیز کو یہ موقعہ فراہم کیا ہے کہ میں شاہ ولی اللہ اکیڈمی کو فعال کروں۔ میں سیکریٹری باز محمد جونیجو صاحب اور دیگر ارکان سیکریٹریٹ اور چیف ایڈمنسٹریٹر شہاب الدین چنہ صاحب کے علاوہ دیگر سیکریٹریوں، خصوصاً محترم محمد ہاشم لغاری، جناب عبدالغفار سومرو اور دیگر احباب کا بھی شکر گذار ہوں کہ انہوں نے دلچسپی لیکر میری حوصلہ افزائی کی، خصوصاً ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ کا احسانمند ہوں کہ آپ ہر وقت تلقین کرتے رہتے ہیں کہ کام کر کے دکھانا ہے۔

اللہ جل شانہٗ سے دعا ہے کہ اس ادارے کے فعال کرنے، اہم کتب کی اشاعت اور دیگر خدمات میں میری رہنمائی فرمائے۔ ساتھ یہ بھی دعا ہے کہ پورا محکمہ اوقاف مجھ سے جو امیدیں وابستہ کیا ہوا ہے کہ میں کئی سالوں سے غیر فعال اکیڈمی کو اس کے اصلی اوج پر لے آؤں۔ مجھے دعا کی ہوئی ہے پروفیسر نذیر احمد قاسمی اور ان کے بڑے بھائی سعید احمد قاسمی پسران علامہ غلام مصطفیٰ قاسمی کی، کہ ان کے والدِ محترم کی خدمات کو زندہ و جاوید بنا کر دکھاؤں، جو انہوں نے اس ادارے کی چالیس سال تک اپنے خون پسینے اور علم و فضل سے خدمت کی، وہ یکایک رائگاں نہ ہوجائے۔

اللہ مجھے اپنے ادارے کا مکمل تعاون نصیب کرے کہ میں اپنے سینے میں سمیٹے ہوئے جذبات کو کتب کی اشاعت اور رسائل کی ترویج پر بخوبی صرف کرسکوں۔

خادم العلم

ڈاکٹر عابد لغاری

16/04/07

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللهم انی احمدک واثنی علیک وابوء لک بالتقصیر فالحمد والثناء واستغفرک واستعین بک واعلم انه لا یغفر الذنوب الا انت ولا یعینی غیرک فی الشدة والرخاء واوجه وجهی الیک واسلم نفسی لک نسکی وصلاتی ومحیای ومماتی تعالیت عن شراکة الشرکاء واعوذبک من شرور نفسی ومن سیئات اعمال والح علیک فی سوال الهدایة لمحاسن الاخلاق ومکارم الاعمال واعتقد انه لا یعیذنی من هذه ولا یهدینی لهذه الا الذی فطرنی وفطر الارض والسماء واشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له واشهد ان محمدا عبده ورسوله افضل الرسل والانبیاء صلی الله علیه وعلیهم وعلیٰ آله واصحابه ما تعاقب الملوان و ما اظلت الخضر واقلت الغبراء اما بعد فیقول العبد الضعیف ولی الله بن عبدالرحیم الدهلوی عاملهما الله تعالیٰ بلطفه وتغشاهما برحمته من اعظم

الٰہی! میں تیری حمد وثنا کرتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ تیری حمد وثنا میں قاصر ہوں۔ تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں اور تجھی سے مدد مانگتا ہوں اور خوب جانتا ہوں کہ سوا تیرے کوئی گناہ نہیں بخشتا اور بغیر تیرے کوئی میری مدد نہیں کرسکتا رنج وراحت میں اور تیری ہی طرف متوجہ ہوں اور تجھی کو اپنے تئیں سونپتا ہوں۔ تیرے ہی واسطے ہے میری سب عبادات اور میری زندگی اور موت تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ کوئی تیرا شریک نہیں اور پناہ چاہتا ہوں تجھ سے اپنے نفس کی برائیوں سے اور اپنے اعمال کی برائیوں سے اور کمال عجز سے سوال کرتا ہوں کے اچھے اخلاق اور نیک اعمال کی ہدایت کر اور میرا عقیدہ ہے کہ کوئی نہیں برائیوں سے بچانے اور بھلائیوں کی ہدایت کرنے والا مگر جس نے مجھے پیدا کیا اور زمین وآسمان کو بنایا اور گواہی دیتا ہوں کہ سوا اللہ کے کوئی معبود نہیں۔ وہ وحدہ لاشریک لہ ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔ سب رسولوں سے افضل اور سب نبیوں سے بڑھ کر۔ اللہ کا درود ہو ان پر اور ان کے آل واصحاب پر آگے پیچھے رات دن میں اور جب تک آسمان سایہ کرے اور زمین اٹھائے ہوئے ہے۔ اما بعد! گذارش ہے عبد ضعیف ولی

نعم الله تعالیٰ علی ان وفقنی لحج بیته وزیارت نبیه علیه افضل الصلوٰة والسلام سنة ثلاث واربعین والتی تلیها من القرن الثانی عشر واعظم من هذا النعمة بکثیر ان جعل الحج حج الشهود والمعرفة لا حج الحجب والنکرة وزیارة زیارة مبصرة لا زیارة عمیاء فتلک نعمة اعظم عندی من جمیع النعم فاحببت ان اضبط اسرار تلک المشاهدة کما علمنی ربی تبارک وتعالیٰ وکما استفدته عن روحانیة نبینا صلی الله علیه وسلم تذکرة لی وتبصرة لاخوانی عسٰی ان یکون ذٰلک اداء لبعض ما وجب علی من شکرها وسمیت الرسالة بفیوض الحرمین حسبنا الله ونعم الوکیل ولا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم فمن تلک المشاهد انی رایت فی المنام جما غفیرا من اهل الله شطر منهم اهل الاذکار والیادداشت قد ظهرت علیٰ قلوبهم الانوار وعلیٰ وجوههم النضارة والجمال وهم لا یعتقدون وحدة الوجود وشطر منهم یعتقدون وحدة الوجود ویستغلبون بنوع من الفکر فی سریان الوجود ظهرت علیٰ قلوبهم خجالة والحجام فی جنب الحق القائم بتدبیر العالم عمومًا والنفوس خصوصًا وعلی وجوههم سواد وفحول

اللہ ابن عبدالرحیم دہلوی خدا تعالیٰ دونوں پر مہربانی فرمائے اور رحمت کرے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں سے سب سے بڑی نعمت یہ ہے کہ اس نے مجھے توفیق دی حج بیت اللہ وزیارت رسول اللہ ﷺ کی سنہ ۱۱۴۳ ہجری ایک ہزار ایک سو تینتالیس میں اور اس نعمت سے بدرجہا بڑی نعمت یہ ملی کہ میرا حج مشاہدہ اور مغفرت کے ساتھ ہوا نہ حجاب اور نامعلومی کے ساتھ اور زیارت بھی زیارت آنکھوں والوں کی زیارت نہ اندھوں کی سی زیارت سو میرے نزدیک سب نعمتوں سے بڑی یہ نعمت ہے۔ میں نے چاہا کہ میں لکھ لوں ان مشاہدہ کے اسرار جیسے مجھے اللہ تبارک وتعالیٰ نے معلوم کرائے ہیں اور جس طرح مجھے فائدے پہنچے ہیں روحانیت رسول اللہ سے ان کو میں نے استفادہ کیا ہے تاکہ میرے لئے یادگار اور میرے بھائیوں کے واسطے باعث بصیرت ہو۔ اس سے امید ہے کہ کچھ شکر ادا ہوجائے اور اس رسالہ کا نام میں نے فیوض الحرمین رکھا، کافی ہے اللہ ہم کو اچھا کارساز ہے ہمارا اور برائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت اسی سے ہے۔ ان مشاہدوں میں سے مشاہدہ اول: میں نے خواب میں ایک جماعت کثیر اہل اللہ کی دیکھی۔ ان میں سے ایک فرقہ اہل ذکر و یاد داشت کا تھا۔ ان کے دلوں پر انوار اور چہروں پر تازگی اور خوبصورت ظاہر ہوتی تھی اور وہ وحدت الوجود کا عقیدہ نہیں رکھتے تھے اور دوسرا فرقہ وحدت الوجود والوں کا تھا جو ایک طرح کے فکر سریان وجود میں مشغول تھے۔ ان کے دلوں پر شرمندگی وخجالت

فاحتج الفريقان قال اهل الاذكار والاوراد الا ترون هذه الانوار والجمال علينا ففخرنا هدى طريقة منكم وقال اهل وحدة الوجود اليس ان اضمحلال الوجودات فى الوجود الحق امر حق مطابق للواقع فعلمنا سرًا جهلتموه فلنا الفضل عليكم فلما كثر التشاجر بينهم حكمونى ورفعوا الىّ مشاجرتهم فقمت بين هؤلاء ثم قلت من العلوم الصادقة ما يتهذب به النفس ومنها ما لا يتهذب به النفس وذلک لان الله تعالىٰ خلق النفوس باستعدادات شتى ولكل نفس مشرب من العلوم الحقة اذا استغرقت فيه تهذبت وصلحت واذا لم تستغرق فيه لم تتهذب ولم تصلح فهذه المسئلة وان كانت من العلوم الحقة ولكنكم جميعا ليست هذه مشربكم وانما مشربكم التوجه الى الحقيقة الجامعة بحسب تضرعات الملاء الاعلىٰ اما اصحاب الانوار فانهم وان جهلوا هذه المسئلة لٰكنهم لم يخطئوا مشربهم من الحق فتهذبت نفوسهم وصلحت وبلغت ما خلقت لاجله من الكمال واما اصحاب وحدة الوجود فانهم وان اصابوا فى المسئلة لكنهم اخطأوا مشربهم من الحق لانهم لما مرجوا افكارهم فى مرعى

اس حق امر سے کہ عالم کی تدبیر عموماً اور نفوس کی خصوصاً حق ہے۔ ان کے چہرے سیاہ اور منہ سوکھے ہوئے تھے۔ پس دونوں فرقے بحثتی ہیں۔ اہل ذکر وورد نے کہا: کیا تم کو ہمارا انوار و جمال نظر نہیں آتا؟ پس ہم تم سے بہت طریقہ ہدایت پر ہیں اور وحدۃ الوجود والوں نے کہا: کیا سب موجودات کی ہستی حق کی ہستی کے آگے نابود ہونی امر حق کے مطابق واقع نہیں؟ پس ہمیں وہ راز معلوم ہوگیا جس سے تم جاہل رہے۔ پس ہم کو تم پر فضیلت ہے۔ جب ان میں تنازعہ بڑھ گیا تو انہوں نے مجھ کو منصف بنایا اور اپنا جھگڑا میرے سامنے پیش کیا۔ پھر میں ان دونوں فرقوں میں منصف بنا اور کہا کہ بعض علوم صادق ایسے ہیں جن سے نفس مہذب ہوتا ہے اور بعض ایسے ہیں جن سے نفس تہذیب نہیں پاتا۔ اس واسطے کہ اللہ تعالیٰ نے نفوس میں طرح طرح کی استعدادیں پیدا کی ہیں اور علوم حقہ میں سے ہر نفس کا ایک مشرب ہے۔ جو اس میں مستغرق ہوجائے تہذیب پاتا ہے اور سنور جاتا ہے اور جو اس میں مستغرق نہ ہوتو مہذب نہیں ہوتا ہے اور نہ اصلاح پاتا ہے۔ سو یہ مسئلہ اگرچہ علوم حقہ میں سے ہے لیکن تم دونوں جماعتوں کا یہ مشرب نہیں اور تمہارا مشرب تو ضرور حقیقت جامعہ کی طرف متوجہ ہونا ہے موافق تضرع فرشتوں کے سو نور والا فرقہ اگرچہ اس مسئلہ سے جاہل رہا مگر اپنے مشرب حق کو پہنچ گیا اور ان کے نفوس مہذب ہوگئے اور سنور گئے اور جس کمال کے واسطے پیدا ہوئے تھے، اس کو پہنچ گئے لیکن وحدۃ الوجود

السریان ضاع من ایدیھم التعظیم والمحبة
والتنزیة التی عرفت بھا الملأ الاعلیٰ
ربھا وورثتھا من قوی الافلاک بحکم
الفطرة فامتلاء العالم بمعرفتھم وما
ورثوہ منھا فلم تتھذب نفوسھم ولم تبلغ
ما خلقت لاجلہ فانتم ایھا القائلون بوحدة
الوجود وسریان الوجود فی العالم نطق
منکم بھٰذا السر جزء ولیس من شانہ
ھذا العلم واما الجزء الذی مشربہ ھذا
العلم فانہ اخرس فیکم ممسوخ لا
یعلم بھٰذا السر والاجزاء الفاطنة فیکم
وھی العناصر الفلکیة فاقدة لما یلیق
بھا من الکمال انما الحری بھٰذا السر من
کان ذٰلک الجزء فیہ غضا طریا لم یخلقہ
النشاة المشترکة ففھموا ھٰذہ
المسئلة واذعنوا بھا ثم قلت وھذا من
الاسرار التی اختصنی ربی بھا احکم
بھا بینکم فیما اختلفتم فیہ والحمد
للہ رب العالمین ثم انتبھت.

مشھد آخر رایت ببصر روحی تدلیا
ھو شیء واحد متصل فی ذاتہ ساری فی
العالم کلہ کان العالم ستارة فوق وھو
الداخل فیہ وفطنت حینئذ ان ھذا التدلی
اذا توجہ الیہ العارف وابصرہ ببصر روحہ
وفنی فیہ قوی تاثرہ وارشادہ وصح لہ

والے اگرچہ مسئلہ کو پہنچ گئے پر مشرب حق کو نہ پہنچے، اس
لئے کہ جب انہوں نے اپنا فکر سریان وجود میں صرف
کیا، تعظیم ومحبت وتنزیہ ہاتھ سے جاتی رہی جس سے
فرشتوں نے اپنے رب کو پہچانا اور وارث ہوئے اس
کے قوائے افلاک بحکم فطرت۔ پس عالم ان کی معرفت
سے پُر ہوگیا اور جو نہ وارث ہوئے اس کے ان کے
نفس مہذب نہ ہوئے اور نہ وہ اس کو پہنچے جس کے
لئے پیدا ہوئے۔ سوائے وحدت الوجود اور سریان
الوجود فی العالم کے قائلو! ظاہر کردیا تمہارے اس راز کو
اس جزء نے جس کے لائق یہ علم نہیں، لیکن وہ جزء جس
کا مشرب یہ علم ہے۔ پس وہ تم میں گونگا اور مسخ شدہ
ہے اور وہ اس راز کو نہیں جانتا اور تم میں عناصر فلکیہ جو
اجزاء فاطنہ اس کمال کے ہیں، بالکل نہیں اس سر کے
لئے وہ شخص لائق ہے جس میں یہ جزء بہت راسخ ہو اور
اس کو نکما نہ کردیں۔ پس ظہورات گھیر لینے والے ہیں
وہ دونوں فریق سمجھ گئے اور یقین کرلیا۔ پھر میں نے کہا:
اللہ نے مجھ کو خاص کیا ان اسرار سے جس میں تمہارا
اختلاف تھا اس میں میں نے منصفی کردی والحمد للہ رب
العالمین۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔

مشھد آخر میں نے اپنی روح کی آنکھ سے
تدلی کو دیکھا کہ وہ ایک شے واحد نفس فی ذاتہ تمام عالم
میں سرایت کی ہوئی ہے۔ گویا عالم اس پر پردہ اور وہ بیچ
میں ہے۔ اس وقت میں نے جانا کہ یہ وہ تدلی ہے کہ
عارف جب تک اس کی طرف متوجہ ہو اور اپنی روح کی
آنکھ سے اس کو دیکھے اور اس میں فنا ہوجائے تو اس

التصرف فی الخلق بالحق وهذا التدلی له وجهان فواجه یحذوا حذو الوجود الخارجی وهذا کان لون منطبع فی الواح النفوس یسمی بالنور والوجه الثانی یحذوا حذو الوجود الذهبی وهذا یتصادق مع الذات وهو الاسم والتدلی ولاجله یقال ان النقشبندیة ادرجت النهایة فی البدایة ومن وصل الی الذات بواسطة هذا التدلی لم یعلم الا الاختیار والارادة وعلم نفسه مغمورًا فی بحر لاساحل له.

معرفة عظیمة ادراک الحق المتدلی الیٰ عباده باعظم التدلیات ان کان ببصر الروح فهو من مقامات الکمل وان کان بعلم الروح فهو مما یشترک فیه العوام وکذا استماع کلامه ان کان یسمع الروح فهو من مقامات الکمل وان کانَ بعلم الروح فهو مما یشترک فیه العوام.

تحقیق شریف اعلم ان للنفس الناطقة بصرًا وسمعًا ولسانًا غیر هذه الجوارح المحسوسة وتحقیق ذٰلک ان هنالک لطیفتین احداهما القیومیة الالٰهیة المتعلقة بالبدن الحالة فیه مع قطع النظر عن النسمة ولها فی معرفة الاشیاء وجهان ان تفیض علیها صورة مجردة من مبداء الصور وهو العلم وان تفضی الیٰ شیء من

کے ارشاد کی تاثیر قوی ہوتی ہے اور اس کا تصرف خلقت میں حق طور پر صحیح ہوتا ہے اور اس تدلی کی دو جہتیں ہیں: ایک وجود خارجی کی طرف سو یہ تو ایک لون منطبع ہے الواح نفوس میں۔ اس کا نام نور ہے اور دوسری جہت وجود ذہنی کی طرف ہے۔ یہ ذات کے ساتھ صادق آتی ہے سو یہ اسم اور تدلی ہے نقشبندیہ۔ یہ اس لئے کہتے ہیں کہ ہم نے نہایت کو بدایت میں درج کیا ہے۔ جو شخص اس تدلی کے وسیلہ سے واصل بذات ہوتا ہے، نہیں جانتا سوا اختیار اور ارادہ کے اور اپنے تئیں ڈوبا ہوا جانتا ہے ایک دریائے ناپیدا کنار میں۔

معرفہ عظیمہ خدا تعالیٰ کا ادراک جو اپنے بندوں کی طرف علم تدلیات کے ساتھ متدلی ہے۔ اگر روح کی آنکھ سے ہے تو یہ کاملوں کا مقام ہے اور روح کے علم سے ہے تو اس میں عام بھی شریک ہیں اور اس طرح اس کا کلام سن لینا اگر روح کے کانوں سے ہے تو وہ مقام کاملوں کا ہے اور جو روح کے علم سے ہے تو اس میں عام بھی داخل ہیں۔

تحقیق شریف جاننا چاہیے کہ نفس ناطقہ کے واسطے ان جوارحہ محسوسہ کی آنکھ اور کان اور زبان ہے اس کی تحقیق یوں ہے کہ اس جگہ دو لطیفے ہیں۔ ایک تو قیومیہ الٰہیہ جو بدن کے متعلق ہے اور اس میں حلول کے ہوئے ہے روح سے قطع نظر سو معرفت اشیاء میں اس کی دو جہتیں ہیں: ایک تو یہ مبدأ صور سے کوئی صورت مجرد اس پر افاضہ ہو۔ یہ تو علم ہے دوسرے یہ کہ کسی شے کا اشیاء میں سے افاضہ کرے اور اس سے

الاشياء ويتصل به وهذا الاتصال اذا اعتبر بالانكشاف البصري يسمى بصرًا واذا اعتبر بالانكشاف السمعي يسمى سمعًا واذا اعتبر بانكشاف العلوم بالافادة والاستفادة يسمى كلامًا فمن هذا الوجه يرى الفرد ربه عزوجل ومن هذا الوجه يلهم ويكلم من الله ومن ارواح الافلاك والملاء الاعلىٰ وارواح من مضى من الصالحين وربما ينزل لون من رؤية الروح ربها الىٰ النسمة ومن النسمة الىٰ جارحة البصر فيتمثل هيئة متصلة فيقول الفرد رأيت ربي بعيني وهو صادق فيما قال ومن هذا الباب ما اعادة ابن عباس رضي الله عنهما من رؤية النبي صلى الله عليه وسلم ربه ومن هذا الباب كلام موسىٰ عليه الصلوٰة والسلام واتصلت يومًا بروح الشمس ورأيتها وسمعت منها فقلت عجبًا لك ترين الناس استضائوا منك واستفادوا منك الغلبة والظهور علىٰ اطوار شتىٰ ثم انهم ينكرون عليك ويزورون بك وانت لا تنقمين منهم ولا تغضبين عليهم قالت اليس ان تكبرهم وابتهاجهم بانفسهم شعبة من ابتهاجي بنفسي فانا في كل ذلك لا التفت الىٰ صورة التكبر وانما التفت

متصل ہو جائے اور یہ اتصال اگر انکشاف بصری اعتبار سے کیا جائے تو اس کو بصر کہیں گے اور اگر انکشاف سمعی اعتبار سے کیا جائے تو ان کا نام سمع ہے اور اگر انکشاف العلوم بالافادۃ والاستفادۃ اعتبار کریں گے تو کلام ہے۔ سو اسی جہت سے فرد اپنے پروردگار بزرگ و برتر کو دیکھتا ہے اور اسی سے الہام کیا جاتا ہے اور اسی سے اللہ باتیں کرتا ہے اور ارواح افلاک اور فرشتوں سے اور جو نیک لوگ گذر گئے ہوں، ان کی ارواح سے باتیں کر لیتا ہے اور کبھی روح جو اپنے رب کو دیکھتی ہے، اس سے نسمہ پر ایک لون یعنی رنگ نازل ہوتا ہے اور نسمہ سے جب بصر پر وہ لون ایک ہیئت متصلہ بن جاتا ہے، اس وقت فرد کہنے لگتا ہے کہ میں نے اپنی آنکھ سے اپنے خدا کو دیکھا اور سچ ہے اس کا کہنا اور اسی قبیل سے ہے وہ جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا اور اسی قبیل سے ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کلام کرنا اور ایک روز میں نے روح آفتاب سے متصل ہوتے اسے دیکھا اور اس سے سنا۔ میں نے کہا بڑا تعجب ہے کہ جو لوگ تجھ سے روشنی طلب کرتے ہیں اور فائدہ اٹھاتے ہیں، تیرا غلبہ اور ظہور طرح طرح سے دیکھتے ہیں، پھر تیرے منکر ہیں اور تجھ سے مقابلہ کرتے ہیں اور تو نہ کسی سے انتقام لیتا ہے نہ کسی پر غصہ ہوتا ہے تو اس نے کہا: کیا ان کا تکبر اور ان کی اپنے نفسوں سے خوشی میری جان کی خوشی کا شعبہ نہیں ہے؟ میں ان سب حالتوں میں صورت تکبر کی طرف کچھ التفات نہیں کرتا

الیٰ حـقـیـقـة الابـتـهـاج وانما الکل ابتهـاجـی بـنـفـسـی فهل یجوز لاحد ان یغضب علی کمال نفسه وینتقم من نفسه ثم افضـائی الی الشمس فرأیتها فیاضا بالطبع والجبلة وکذا کل فلک ورأیت ارواح الافلاک ملتئمة ومتوافقة فی علومها وهممها.

زیادة ایضاح ان شئت ان تکنه حقیقة هذا الوجدان فاصغ لما القی الیک اعلم ان علم النفس الناطقة اعنی بها نورًا بسیطًا هو تقلید القیومیة الجسد واحد وتنزل الطبیعة الکلیة التی هی النقطة الفعالة فی الخارج بصورة خاصة بمعلوم ای معلوم. کان انما یکون عندنا باتحاد المدرک والمدرک ثم دراکها اما ان یکون لنشأة کلیة تشمل النفس او تشمل جسدها کالصورة الانسانیة او الحیوانیة او الارض والماء وسائر العناصر او القوة الشمسیة والقمریة واما ان یکون لشیء خاص یسم لهذه النفس الدارکة مثل ادراک نفس زید نفس عمرو فان کان الاول فصفه ادراک النفس لتلک الحقیقة ان یتجرد الیٰ نقطة هی بازاء تلک الحقیقة الشاملة فی النفس فتبقی بها وتفنی عن غیرها فینقط هذه النقطة بنفسها ویتجلی لها

اور میری التفات شادمانی کی حقیقت کی طرف ہے اور یہ سب خوشیاں میرے ہی نفس کی شادمانی ہیں تو پھر کیا کوئی اپنے کمالِ نفس پر غصہ ہوا کرتا ہے؟ یا انتقام اس سے لیتا ہے؟ پھر جب یہ امر ہو چکا، پس میں نے اسے دیکھا کہ وہ بالطبع اور جبلی فیاض ہے اور اسی طرح تمام افلاک اور میں نے دیکھا کہ ارواح افلاک متوافق اور ملے ہوئے ہیں اپنے علموں اور ہمتوں میں۔

زیادہ ایضاح اگر تو چاہے اس وجدان کی حقیقت دریافت کرنا تو سن جو میں کہوں۔ جان کہ نفس ناطقہ کا علم جس سے مراد نور بسیط ہے، وہ مقید ہوتا ہے قیومیہ کا ایک جسم واحد کے لئے اور تنزل طبیعت کلیہ کا کہ وہ ایک نقطہ فعالہ ہے خارج میں کسی معلوم خاص کی صورت میں گو کوئی معلوم ہو ہمارے نزدیک مدرک اور مدرک کا ایک ہونا ہے۔ پھر اس کا ادراک یا واسطے نشاہ کلیہ کے ہوگا جو نفس کو شامل ہوا یا جسم کو شامل ہوگا جیسے صورت انسانیہ یا حیوانیہ یا زمین اور پانی اور باقی عناصر یا قوت شمسیہ اور قمریہ اور یا اس کا ادراک کسی ایسی خاص شے کے لئے ہوگا جو اس نفس دراکہ کی قسیم ہے جیسے زید کا نفس عمرو کے نفس کو ادراک کرنے۔ پس اگر اول ہے تو ادراک نفس کی صفت کے واسطے ہے۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ تجرد کرے اس نقطہ کی طرف کہ وہ اس حقیقت شاملہ فی النفس کے مقابل ہے تو باقی رہے گی اس کے ساتھ اور فوتی ہوگی اس کے غیر سے۔ اس وقت وہ نقطہ بنفسہا بیدا ہوگا اور اس حقیقت کے سبب احکام

جمیع احکام تلک الحقیقة تجلیًا ذوقیًا تحقیقیًا فهٰذا معنیٰ قولنا یتحد المدرک والمدرک فی هٰذه الصورة وان کان الامر الثانی فصفة ادراک النفس لتلک الحقیقة القسمیة لها ان تجتمع معها فی حضرة من حضرة الطبیعة الکلیة فتغلب نفس علیٰ نفس اما من جهة الجزء الغالب علیٰ هٰذه النفس والقوة المستتبعة لغیرها من القوی ومن جهة اکثر القوی علیٰ غیرها فاذا لم یکن هٰذه القوة منفررة وجمیع تاثیر النفوس بعضها فی بعض انما یکون بالغلبة والمحبة وکنههما ان تتجرد نفس الیٰ قوة مودعة فیها غالبة او مغلوبة وهٰذا فی الکمل او القوة الغالبة وهٰذا فی غیرهم وهناک نفس اخریٰ فیها تلک القوة لکن ظهور احکامها هناک اقل واضعف من النفس الاولیٰ فادرکت المؤثرة المؤثرة والمؤثرة المؤثرة بحاسة تلک القوة واشتملت هٰذه بهٰذه فظهر احکام لم تکن وربما کانت هٰذه القوة فیها مستتبعة القوی الاخریٰ بحیث انه ضمحلة متلاشیة فیها فتنعزل عن احکامها وآثارها وانما یبقی حکم القوة الغالبة فیقال اثرت هٰذه النفس فی تلک النفس وفادتها تلک الکیفیة والحق انها ما

اور یہ تجلی ذوقی تحقیقی طور پر روشن ہو جائیں گے۔ اس صورت میں ہمارا یہ قول کہ مدرک اور مدرک ایک ہو جاتے ہیں، پس یہ معنیٰ مراد ہیں اور اگر ہوگا امر ثانی تو ادراک کی صفت کے واسطے اس حقیقت قسمیہ لہما کی یہ ہوگی کہ اس کے ساتھ جمع ہو کسی حضرت میں حضرات طبعیہ کلیہ سے تو غالب ہوگا ایک نفس دوسرے نفس پر یا اس جزء کی جہت سے جو اس نفس پر غالب ہے اور اس قوت پر جو دوسری قوتوں سے پیروی طلب ہے یا جہت سے اکثر قوتوں کی اس شرط سے کہ قوت منقطع نہ ہو کیونکہ تاثیر ایک نفس کی دوسرے میں غلبہ سے ہوتی ہے اور محبت سے اور کنہ ان دو وجہوں کا یہ ہے کہ نفس میں جو ایک قوت امانت ہے غالب یا مغلوب، نفس اس کی طرف یکسو ہو جائے۔ سو یہ کاملوں میں ہے یا قوت غالبہ یہ غیر کاملوں میں ہے اور یہاں ایک اور نفس ہے جس میں یہ قوت ہے لیکن اس کے احکام کا ظہور یہاں بہت کم اور ضعیف ہوتا ہے پہلے نفس سے۔ پس ادراک کیا مؤثر نے مؤثر کو اور مؤثر نے مؤثر کو اس قوت کے حس سے اور یہ اس سے مل گئے تو ظاہر ہوئے وہ احکام جو نہ تھے اور کبھی یہ قوت جو اس نفس میں ہے، دوسری قوتوں سے پیروی طلب ہوتی ہے۔ ایسی کہ مضمحل اور نابود ہو جاتی ہے۔ ان میں تو معزول ہو جاتی ہے احکام اور آثار سے اور فقط قوت غالبہ باقی رہ جاتی ہے۔ اس وقت کہا جاتا ہے کہ اس نفس نے اس نفس میں اثر کیا اور اس کیفیت کا فائدہ پہنچایا اور

اکتسبتها من خارج بل صرفت عنان توجها الیٰ جزء منها وقوة مودعة فیها حتیٰ تلاشت احکام سائر القویٰ والاجزاء فاذن عند الغلبة والاستتباع من هٰذه والمحبة والتبعیة من تلک لابد من اتحاد النفسین لا مطلقا بل من جهة قوة وجزء ولا فی جمیع المواطن بل فی موطن من مواطن الطبیعة الکلیة وهٰذا معنیٰ قولنا یتحد المدرک والمدرَک فی هٰذه الصورة واذا عرفت هٰذا فاعلم ان لهٰذه النفس بالنسبة الیٰ تلک حالات واوضاعا احدها الاتحاد والاستغراق فیها والذهول عن غیرها وثانیها ان ترجع کل نفس الیٰ ملاحظة نفیها مغمورة فی معنی الاتحاد فتتلون بالفضاء الیها مع انفکاک ما وشعور انهما لیست هی من جمیع الوجوه بل وجه دون وجه وهٰذه الحالة تسمی بالرویة وثالثها ان یغلب سائر الاحکام بحیث یغیب حکم هٰذه القوة وتصیر کالمستتر وحینئذ یظهر لتلک الاحکام صورة ضعیفة بالنسبة الی الاتحاد بالنسبة الی الرویة فیکون الفضاء ما من جهة الغالبة وقبول ما من جهة المغلوبیة فیقال کلمت نفس زید نفس عمرو وسمعت هٰذه کلامها ورابعاً ان تغیب احکام تلک القوة

سچ یہ ہے کہ اس نفس نے کچھ خارج سے نہیں حاصل کیا بلکہ اپنے ہی جزء کی طرف توجہ کی ہے اور اپنی ہی اس قوت کی طرف جو اس میں امانت ہے اس قدر کہ سب قوتوں اور اجزاء کے احکام نابود ہوگئے تو اس وقت غلبہ اور استتباع اس طرف سے اور محبت پیروی اس طرف سے ہوئی تو ضرور ہے دونفسوں کان اتحاد سے سو مطلق نہیں بلکہ قوت اور جزء کی جہت سے اور نہ کل جگہ بلکہ طبیعت کلیہ کی کسی جائے میں اور اس کے یہ ہی معنیٰ ہیں جو ہم نے کہا مدرک اور مدرَک ایک ہوجاتے ہیں اس صورت میں اور جب تم نے یہ جان لیا تو جان لو کہ اس نفس کے واسطے بہ نسبت اس کے حالات اور اوضاع ہیں۔ اول یہ کہ متحد ہونا اور مستغرق ہوجانا اس میں اور اس کے سوا کو بھول جانا۔ دوسرا یہ کہ نفس رجوع ہو طرف ملاحظہ اس کی فنا کے در حالیکہ مستغرق ہو معنیٰ اتحاد میں پس رنگا جائیگا بسبب مل جانے کے اس سے باوجود کسی قدر جدا ہونے کے اور شعور اس بات کے کہ دو ہی نہیں ہوگیا کل وجہ سے بلکہ کسی وجہ سے اس حال کو رویت کہتے ہیں۔ تیسرا یہ کہ غالب ہوجائیں سب احکام ایسی طرح کہ غائب ہوجائے اس قوت کا حکم اور یہ قوت چھپ جائے اور اس وقت ظاہر ہوگی ان احکام کے واسطے صورت ضعیف بہ نسبت اتحاد اور بہ نسبت رویت کے تو افضا ہوگا غالبیت کی جہت سے اور قبول کسی قدر مغلوبیت کی جہت سے تو کہیں گے زید کے نفس نے کلام کیا عمرو کے نفس سے اور اس نے اس کا کلام سنا

غيوبة اشد من ذلك فلا يبقى الا خيال طفيف مكنف باحكام اضداد تلك القوة متميز اعناقها فيقال حينئذ حصلت صورة في الذهن وانتقشت فيه انتقاش الصورة في المرآة فههنا اربع حالات ولكل حكم فكن من المتدبرين والثانية اللطيفة النسمية وفيها حاسة جميلة من شانها الاتصال بالفعل فان قيس الى السمع يسمىٰ سمعاً او الى البصر يسمى بصيرا او الى الذوق يسمى ذوقا او الى اللمس يسمىٰ لمسا ولعله الذى يسمى حسًا مشتركًا ومنه يقع الاحتلام لكل حاسة فاحتلام البصر رؤية النقطة الجوالة دائرة فالدائرة ليست في الخارج انما هو من احتلام الحس المشترك واحتلام الذوق ان يرى الانسان شيئا مرغوبا من المذوقات فينفصل الريق من اللسان واحتلام اللمس ان يقرب من الانسان انسان يدغدغه ولما يتصل من بدنه ويجد دغدغة في نفسه واحتلام السمع معرفة وزن النغمات والاشعار فالنسمة القوية لا يلتفت الى الجوارح الظاهرة بل تلتذ بصرها وسمعها وذوقها ولمسها وان شئت الحق فهذه الحاسة هي التي يتم بها ادراكات الحاسة الظاهرة واذا انكفت

اور چوتھا یہ کہ اس قوت کے احکام بہت شدت غائب ہوجائیں اس کی نسبت پس کچھ نہ رہی مگر ایک خیال خفیف محفوظ اس قوت کی صندوں میں اور ان سے جدا اس وقت کہیں گے کہ ذہن میں صورت حاصل ہوئی اور منقش ہوگئے ذہن میں جیسے آئینہ میں صورت منقش ہوجاتی ہے۔ تو یہ چار حال ہوئے اور ہر ایک کے لئے حکم ہے۔ نہایت غور کرنے اور سوچنے کے لائق ہے اور دوسرا لطیفہ نسمیہ ہے۔ اس میں حاسہ جمیلہ ہے۔ وہ فعل سے متصل ہوا کرتا ہے۔ اس وقت اگر کان کا قیاس کریں کان، اگر آنکھ کی طرف قیاس کریں آنکھ کہا جائے گا یا ذوق کی طرف تو نام اس کا ذوق ہوگا، جو لمس کی طرف تو لمس کہلائے گا اور شاید یہ وہی ہے جو حس مشترک ہے اور ایسی حسِ مشترک سے ہر حاسہ کو احتلام ہوتا ہے۔ آنکھ کا احتلام تو یہ ہے کہ نقطہ جوالہ کو دائرہ جانے سو دائرہ کوئی خارج میں نہیں ہوتا۔ وہ احتلام ہے حسِ مشترک کا اور زبان کا احتلام یہ ہے کہ کسی مرغوب شے کو دیکھ کر منہ میں پانی بھر آئے اور قوۃ لامسہ کا احتلام یہ کہ آدمی سے آدمی قریب ہو اور وہ اس سے رغبت رکھتا ہو اور جب بدن سے بدن ملے، اس کے نفس میں گدگدی ہو اور احتلام کان کا راگ کے سر اور اشعار کی وزن جاننے پس نسمہ قویہ جو اس ظاہر کی طرف نہیں التفات کرتا بلکہ حس باصرہ وسامعہ وذائقہ ولامسہ سے لذت اٹھاتا ہے اور اگر سچ پوچھیے تو اس مشترک سے تمام حواس ظاہر اور ادراک ان کے پورے ہوتے ہیں اور جب

الارواح من ابدانها ربما استقلت هذه الحاسة وابدع من خيال العرش موجودات مثالية علىٰ حسبها كما يتشكل الجن والملائكة.

ارواح اپنے بدن سے جدا ہوتی ہیں، بسا اوقات یہ حاسہ مستقل ہوتا ہے اور خیال عرش سے اپنے موافق موجودات مثالیہ پیدا کرتے ہیں جیسے جن اور ملائکہ متشکل ہوتے ہیں۔

مشهد آخر رايت لكل من شعائر الله نورًا يعلوه فطنت بحقيقة انما حقيقة النور مناسبة الشيء بالروحانيات وهيئة راسخة فيه هي من اثر الروحانيات فيدرك الانسان من هذه الهيئة بحاسة روحه ادراكًا انطباعًا بان ينشرح وينفسح ويزداد مناسبة بالروحانيات والناس اذا توجهوا الىٰ شعائر الله صاروا احزابًا. فحزب انما ينتفع بنيتها وعزيمتها حيث فعلوا هذا الفعل لله باعتقاد ان هذا من شعائر الله وحزب تنفتح حدقه من احداق روحها فتحسر بالنور فتغلب قوته الملكية على البهيمية وحزب تمعن فى هذا النور فتدرك التدلى الذى هو اصل هذه الشعائر فبهته امره.

مشهد آخر میں نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کا ہر شعائر کا نور بلند ہوتا ہے اور میں نے دریافت کی حقیقت اس کی عبادت بیشک حقیقت نور کی مناسبت شے کی روحانیات سے اور ایک ہیئت راسخہ ہے اس میں جو روحانیات کی تاثیر سے ہے۔ اس ہیئت سے انسان ادراک کرلیتا ہے روح کے حاسہ سے ایک ادراک انطباعی اس طرح سے کہ خوش ہوجاتا ہے اور مناسبت زیادہ ہوتی ہے روحانیات سے اور شعائر اللہ کی طرف جب لوگ متوجہ ہوتے ہیں تو گروہیں بن جاتے ہیں۔ ایک وہ گروہ ہے کہ اپنی نیت اور عزیمت کے سبب نفع پائے یعنی جو کام کرے، اللہ کے واسطے اس اعتقاد سے کہ یہ عبادت شعائر اللہ سے ہے۔ ایک وہ گروہ ہے کہ اس کی روح کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ پس وہ نور سے معلوم کرتا ہے اس کی قوت ملکیہ غالب آجاتی ہے قوت بہیمیہ پر۔ ایک وہ گروہ ہے جو اس نور میں غور کرے اور ادراک کرے وہ تدلی کہ جو اصل ہے شعائر اللہ کی پس وہ متحیر ہوجائے۔

مشهد عظيم وتحقيق شريف

اطلعنى الحق تعالىٰ علىٰ حقيقة التدلى العظيم الجليل المتوجه الىٰ نوع البشر المراد منه تيسير اقترابهم الى الله المتمثل فى عالم المثال المنفسر تارة بالانبياء عامة

مشهد عظیم وتحقیق شریف حق تعالیٰ نے مجھے مطلع کیا اس تدلی عظیم وجلیل کی حقیقت پر جو نوع بشر کی طرف متوجہ ہے۔ مراد اس سے اللہ کا قرب آسان ہونا ہے وہ تدلی متمثل ہے۔ عالم مثال میں منفسر ہے۔ کبھی عموماً دوسرے نبی اور خصوصاً

ونبينا محمد صلى الله تعالىٰ عليه وعليهم اجمعين خاصة وتارة بالكتب الالٰهية عامة والقرآن العظيم خاصة وتارة بالصلوٰة وتارة بالكعبة فعرفت هٰذا التدلى الوحدانى فى ذاته المتبرز فى برزات كثيرة بحسب المعدات الخارجة اعنى اوضاع البشر وعاداتهم ومركوزات اذهانهم التى اذا انتقلوا الى البرزخ كانت تلك الاوضاع والعادات والعلوم معهم لا تفارقهم فيعدون فى حظيرة القدس لانعقاد صورة مثالية بهٰذا التدلى الجليل ثم ينزل فى العالم الجسمانى متىٰ اراد الله ومتىٰ ما استعد له العالم بحسب الاوضاع العلوية والسفلية واطلعنى على حكمة الانفسار وعلىٰ تميز كل انفسار عن الانفسار الآخر بخاصية لا توجد الا فيه من تلقاء معدات اعدت لذٰلك فنحن نبين لك انشاء الله هٰذه الحقيقة الوحدانية وكيفية انفسارها. اعلم ان الشخص الاكبر لما تقرر فى الخارج كان اول شىء منه ان عرف ربه واخبت له فكانت فى مداركه صورة علمية لها وجهان وجهه يحلو حذوها فى الشخص الاكبر من الجسم والجسمانيات والروح والروحانيات ووجه يحذو بحذو الوجود الذهنى ويصير نفس المعلوم وبهٰذا

ہمارے نبی ﷺ پر اور کبھی منفسر ہے کتب آسمانی سے عموماً وخصوصاً قرآن عظیم سے اور کبھی منفسر ہے نماز اور کبھی کعبہ شریف کے ساتھ، پس میں نے پہچانا اس تدلی وحدانی فی ذاتہ کو کہ ظاہر ہے ظہورات کثیرہ میں موافق معدات خارجیہ یعنی انسان کی وضعوں اور عادتوں کے اور جو ان کے ذہنوں میں مقرر ہیں ایسی کہ جو منتقل ہوجائیں تو وضعیں اور عادتیں اور علوم ان کے ساتھ ہوں، اس سے جدا نہ ہوں آمادہ کریں حظیرۃ قدس میں صورت مثالیہ کے منعقد ہونے کے واسطے اس تدلی جلیل سے پھر عالم جسمانی میں آئیں جب خدا چاہے اور مستعد ہو واسطے اس کے عالم موافق اوضاع علویہ اور سفلیہ کے اور حق تعالیٰ نے مجھے مطلع کیا انفسار کی حکمت پر اور ایک کو دوسرے سے پہچاننے پر اس خصوصیت سے جو اسی میں ہے معدات کی طرف سے جو آمادہ ہیں اس کے لئے۔ ہم بیان کریں گے تجھ سے انشاء اللہ تعالیٰ اس وحدانیت کی حقیقت اور اس کے انفسار کی کیفیت۔ جان لو کہ شخص اکبر جب مقرر ہوا خارج میں، سب سے پہلے اس نے پہچانا اپنے رب کو اور خضوع کیا اس سے تو اس کے مدارک میں صورت علمیہ تھی جس کی دو جہتیں ہیں: ایک اس طرف جو شخص اکبر میں ہے جسم اور جسمانیات اور روح اور روحانیات اور دوسری جہت وجود ذہنی کی طرف جس سے نفس معلوم ہوجائے اور اس جہت اخیر سے تدلی ہے تدلیات حق تعالیٰ سے اور یہ نصیب میں ہے شخص

الوجه الاخير تدلى من تدليات الحق جل
وعز وهذا نصيب الشخص الاكبر من
معرفة ربه ولم مقام معلوم لا يتجاوزه وكل
من في جوفه وحيزه فانما نصيب عن معرفة
ربه تنزل ما من تنزلات هذا التدلي في
منزل مقيد فينزل هنالك بقدر المتجلى
له وفيه ويراعى في هذا التنزل احكام
الجانبين فهذه معرفة عظيمة عض عليها
بنواجذك وبالجملة فلما انحاز كل
فلك وعنصر بروح ظاهرة اور خفية كان
اول امر ظهر من احكامه انه عرف ربه
واخبت اليه واستمد في ذلك استمداد
جبليًا بالشخص الاكبر لانه اصله ومبداء
وجوده وتوجه الى الذات فقط كما كان
الشخص الاكبر متوجها اليها فقط ولكن
اعد الشخص الاكبر والتدلي المنعقد فيه
لفيضان صورة خاصة في مداركه وهذا
معرفة اخرىٰ ثم لما انحازت المثل وهي
التي تدعى بارباب الانواع تعين لكل نوع
احكامه متميزة عن احكام نوع آخر وكان
ذلك في المثال وكان منها الانسان فتميز
من سائر الانواع بقسط من المعرفة ولم
يترك سدى واودع فيه الامانة ثم ظهرت
الاشخاص البشرية من هذا المثال
الانساني على طريقة القسمة الانحصارية

اکبر کے اپنے رب کی معرفت کے سبب اور اس کے
لئے مقام معلوم ہے جس سے تجاوز نہیں اور جو کچھ
اس کے جوف اور حیز میں ہے۔ پس صرف اس کے
نصیب میں اپنے رب کی معرفت سے تنزل ہے۔
تنزلات اس تدلی سے ایک منزل مقید ہیں، پس
یہاں نازل ہوتی ہے بقدر متجلی لہٗ اور فیہ کی اور
رعایت یہ کی جاتی ہے اس تنزل میں احکام جانبین
کی پس یہ بڑی معرفت ہے اس کو خوب ڈٹے رہو۔
غرض جب فلک اور عنصر پر روح ظاہر یا خفیہ کا تو
اول اس سے جو امر ظاہر ہوا یہ کہ اس نے اپنے رب
کو پہچانا اور اس کے ساتھ خشوع کیا اور مدد چاہی مدد
چاہنا طبعی وسرشتی شخص اکبر سے ہے۔ اس لئے کہ وہ
اس کی اصل اور مبدءٔ وجود ہے اور متوجہ ہوا طرف
ذات کے فقط جس طرح شخص اکبر متوجہ تھا طرف
ذات کے فقط لیکن آمادہ کیا شخص اکبر نے اور جو اس
میں تدلی منعقد ہے واسطے فیضان صورت کے ایک
خاصہ ہے اپنے مدارک میں اور یہ معرفت دوسری
ہے۔ پھر جب معین ہوئیں مثالیں جن کو رب النوع
کہتے ہیں تو تعین واسطے ہر نوع کے اس کے احکام
جو کہ متمیز ہیں دوسرے نوع کے احکام سے اور یہ عالم
مثال میں اور ان میں سے انسان ہے سو یہ سب
نوعوں سے متمیز ہوا بسبب حصہ پانے معرفت کے اور
مہمل چھوڑا گیا اور اس میں امانت رکھی گئی۔ پھر
اشخاص بشری ظاہر ہوئی اس مثال انسانی سے تقسیم
انحصاریہ کے طور پر جیسا صاحب موسیقی ساز کی تار

كـمـا ان صـاحـب الموسيقى يتفحص عن نغمات الوتر فيجد كذا وكذا نغمة لا يزيد ولا ينقص ثم يقول لو انا ركبنا نغمة بنغمة حـصـل لـنـا الابعاد كذا وكذا لا يزيد ولا ينقص كما يعطيه القسمة الحاصرة العقلية ثم يركب الابعاد بعضها ببعض وهلم جرا حتى ينتظم الالحان محصورة في عدد خاص فيحفظها ويصرف لكل حكما وخاصية ووقتا فيظهر لحنا هذا اليوم في تلك الساعة في ذلك المجلس ولحنا آخر في يوم وساعة اخريين وهكذا الىٰ غير النهاية فلو ان عمره امتد الى الابد ما انقضى عجائبه وهي كلها انفسار لما علمه اولا بالقسمة الحاصرة فلما ظهرت الاشخاص البشرية في عالم الجسم واختلفت استعداداتهم وقواهم منهم الزكي ومنهم الغبي ومنهم صاحب النفس القدسية ورجعت الى الله هممهم ونفوسهم وخلاصة بشريتهم في حظيرة القدس فصاروا هنالك كالامر الواحد يقع عليهم اسم واحد وينسبون الىٰ مثال واحد هو الانسان الالٰهي ويتقارب امورهم ومداركهم تنزل هذا التدلي الاعظم هنالك فصار ذلك في عالم المثال قدم صدق لهم ومقامًا معلومًا بالنسبة اليهم

سے نغمے ڈھونڈتا ہے تو معلوم کرتا ہے کہ یہ نغمہ یوں ہے نہ اس سے زیادہ نہ اس سے کم۔ پھر کہتا ہے کہ ہم اگر مرکب کریں اس نغمہ کو اس نغمہ سے تو ابعاد حاصل ہوں گے ایسے ایسے نہ زیادہ نہ کم جیسا کہ معلوم کیا تقسیم حاصریہ عقلیہ سے۔ پھر بعض ابعاد کو بعض ابعاد سے مرکب کرتا جاتا ہے۔ اسی طرح یہاں تک کہ لحن مقرر کرلیتا ہے محصور عدد خاص میں پھر جان جاتا ہے پھر اسے یاد رکھتا ہے اور ہر ایک حکم اور خاصیت اور وقت معلوم ہوجاتا ہے کہ یہ راگ آج اس وقت اور اس مجلس کا ہے اور دوسرا راگ اس روز اور اس وقت کا ہے۔ اسی طرح بے نہایت اگر اس کو عمر ملے تو ابد تک اس کے عجائب تمام نہ ہوں۔ پس اور یہ سب انفسار ہیں جو پہلے جان چکا ہے قسم حاصرہ سے تو جب ظاہر ہوئے اشخاص بشری عالم جسم میں اور اس کی استعدادیں اور قوتیں مختلف تھیں کہ بعضے ذکی اور بعضے کند ذہن اور بعضے صاحب نفس قدسیہ اور ان کی ہمتیں اور نفوس رجوع ہوئے اللہ کی طرف اور ان کی خلاصہ بشریت حضیرۂ قدس میں تو اس جگہ ایک امر واحد کہ ان پر اسم واحد کا واقع ہوتا ہے اور نسبت کیے جائیں مثال واحد کی طرف وہ انسان الٰہی ہے اور باہم قریب ہیں ان کے امورات اور مدارک تنزل۔ کیا تدلی اعظم نے وہاں وہ عالم مثال میں ان کے واسطے قدم صادق ہوگیا اور مقام معلوم ان کی نسبت اور ان کے نصیب ان کے رب کی طرف سے تو نفوس انسانیہ

ونصیبا لهم من ربهم فكانت النفوس الانسانية اذا تجردت عن وسخ العادات الحيوانية والهيئات الفاسقة الجسمانية قطفت الىٰ هذه الحظيرة فبرق هنالك بارق جلال ثم يتحذر وتبقى حائرة كهيئة لا تدرى من اين الىٰ اين. هل للعود حيلة فاقتضى تدبير الحق ان يتحرك اليهم هذا التدلى وينزل ويتشخص وينفسر حتىٰ يتيسر اقترابهم اليه وانصباغهم به فانفسر انفسارات بحسب المعدات فكان من تلك الانفسارات النبوة وذالك ان الاشخاص لما اصطحبوا فيما بينهم سخر الاكمل الاعقل الاوثق من كان دونه فى تدبير المنزلى والسياسة المدنية فكانت ديدن البشر وخلقهم وامرا مركوزا فى اذهانهم فلو عاشوا وجدوا ذٰلك فى صدورهم كالارتفافات الضرورية الاولية من غير تامل ولو ماتوا جروا ذٰلك معهم الىٰ برزخهم ومعادهم فصار ذٰلك معد الانفساد هذا التدلى بصورة جسمانية هى تقدم شخص انسانى علىٰ سائر الاشخاص وصدورهم عن رايه وَنفخت فى هذه الصور الجسمانية روح الٰهية وظهرت بركاتها فصارت نبوة ورسالة وانما اعنى ضامن النبوة ما كان علىٰ وجه الرياسة

جب پاک ہوئے عادات حیوانیہ اور ہیئت فاسقہ جسمانیہ کی کثافت سے تو اٹھا لیے گئے حظیرۃ قدس کی طرف اور ایک جگہ برق جلالی چمکی، پھر وہ بیخبر ہو گئے اور ایک ایسی حیرت میں رہ گئے۔ نہیں معلوم کہ کہاں تھے، کہاں ہیں اور پھرنے کی بھی کوئی صورت ہے یا نہیں؟ اس وقت تدبیر حق اس بات کی مقتضی ہوئی کہ یہ تدلی اس کی جانب حرکت کرے اور اترے اور تشخص منفسر ہو جائے یہاں تک کہ اس سے قرب آسان ہو جاتا ہے اس سے رنگے جاتے ہیں۔ اس وقت منفسر ہوتے ہیں انفسارات اور موافق معدات کے پس اس انفسارات میں نبوت ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اشخاص جب آپس میں ملتے ہیں اور ہم صحبت ہوتے ہیں تو جو ان میں بہت کامل اور بڑا عاقل اور واثق ہوتا ہے، وہ اپنے سے کم رتبے والوں کو تدبیر منزلی وسیاست مدنی میں تو مسخر کر لیتا ہے۔ ہو جاتی ہے دیدن بشر اور خلق اور ایک امر ذہن میں جما ہوا اگر یہ زندہ رہیں تو اس کو پائیں اپنے سینوں میں مانند ارتفاقات ضروریہ اولیہ کے بے تامل اور اگر مر جائیں تو اسے ساتھ لے جائیں اپنے برزخ اور معاد میں تو یہ امر ہو جاتا ہے بعد اس تدلی کی انفسار کے واسطے صورت جسمانیہ میں اور وہ تقدم انسانی ہے سب اشخاص پر اور اس کا صادر ہونا اس کی رائے سے اور پھونکی جاتی ہے اس صورت جسمانیہ میں روح الٰہیہ تو ظاہر ہوتی ہیں اس کی برکتیں اور ہو جاتی ہے نبوت ورسالت اور یہاں میری مراد

المقدم والمجادلة والتسخير لا فيضان العلوم فقط وان استتبع انقيادًا منهم بالتبع ولا النبوة الجامعة الشهيدية كما كان لسيدنا ونبينا محمد صلى الله عليه وسلم وكان من تلك الانفسارات الصلوٰة وذالك لان كل خلق عند البشر له افاعيل هى شجه وهيكل فى المحسوس ينضبط السر المعنوى بذلك الهيكل وينصرف الاحكام من مدح وهجو اليه وهو الذى يذكر ويخبر عنه ويشار به الى الخلق وهٰذا طبيعة البشر وديدنهم ومركوز اذهانهم فاصطفى الحق خلق من اخلاق البشر وهيئة من هيئات نفوسهم وصبغا من صبغ ارواحهم موصورة صباغهم بالمقام المعلوم فى حظيرة القدس واعنى بذلك الخلق والهيئة الاحسان والتخشع لربه والتنظف عن هيئات ظلمانية فاسدة فهٰذا خلق موجود فى حيز امتزاج النفس بالحيوانية لٰكن اشبه الاشباه بالمقام المعلوم الذى فى عالم حظيرة القدس فجعله كانه هو هو كما جعل البدن كانه النفس ثم اصطفىٰ افعالاً واقوالاً يكون تفسير ولذلك الخلق وتنطبق عليه فجعلها كانها هو وكان من تلك الانفسارات الكتب المنزلة وذلك لان

نبوت سے وہ ہے جو بوجہ ریاست اور تقدم اور مجادلت اور تسخیر کے ہو نہ فقط فیضان علوم اگرچہ انقیاد کی ان میں سے بالتبع رغبت کریں اور نہ میری مراد نبوت جامعہ شہیدیت ہے جیسے کہ ہمارے سردار اور نبی محمد ﷺ کے واسطے ہے اور ان انفسارات میں سے ایک نماز ہے اور یہ اس لئے کہ بشر کے ہر خلق کے واسطے فعل ہیں اور وہ کالبدن یعنی جسم ہے محسوس میں اسرار معنوی منضبط ہوتے ہیں اس کی صورت کے ساتھ اور اس کی طرف احکام مدح وہجو کے منصرف ہوتے ہیں اور وہی ذکر کی جاتی ہے اور اسی کی خبر کہی جاتی ہے اور اشارہ کیا جاتا ہے طرف خلق کے اور یہی ہے طبیعت اور دعاء بشر اور یہی ذہنوں میں جما ہوا امر ہے پس حق تعالیٰ چن لیتا ہے ایک خلق اخلاق بشر سے اور ایک ہیئت ہیات نفوس سے اور رنگ ان کی روحوں کے رنگوں سے وہ صورت انصباغ کی ہے مقام معلوم کے ساتھ حظیرۃ القدس میں اور میری مراد خلق اور ہیئت سے احسان ہے اور خشوع اپنے رب کے روبرو اور پاکیزگی ہیات ظلمانیہ فاسدہ سے پس یہ خلق امتزاج نفس بالحیوانیہ کے خیز میں موجود ہے لیکن وہ بہت مشابہ ہے اس مقام معلوم سے جو عالم حظیرۃ القدس میں ہے اور اس خلق کو کردیا ہے گویا ہو ہو جیسا بدن کو کردیا ہے گویا کہ وہ نفس ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ان افعال واقوال کو چن لیا کہ جو اس خلق کی تفسیر ہوتے ہیں اور اس پر منطبق ہوتے ہیں پھر اس کو گویا کہ ہو ہو کردیا

اشخاص الانسان الهموا بكتابة الكتب وجميع الرسائل لينفعهم فی الازمنة المتطاولة والاقطار المتباعدة ويبقى نص صاحب الكتاب غضا طريا ولا يخله غلط فی الرواية بالمعنىٰ ولا نسيان فكثر ذلك فيهم فتحرك هذا التدلی بصورة اخرىٰ حذو ما عندهم فصار الرسول المحظى بالبوارق المختطفة له من البشرية الىٰ حظيرة القدس خادمًا لارادة الحق فانعقدت علوم الملاء الاعلىٰ او مجادلاتهم للبشر فی شبهاتهم الفاسقة ارادة رحمة ربهم والهام الخير فی صدورهم وحيًا متلوا فی مدارك الرسول فانتظم الكتاب واول كتاب كذلك التوراة وانما قبله صحف يشتمل علىٰ علوم فاضت علىٰ قلب النبی فجمعها من شاء من الامة وكان من تلك الانفسارات الملة وذلك لان اشخاص البشر الهموا عقد الرسوم فيما بينهم فعقدوا رسومًا مدنيةً ورسومًا منزليةً ورسومًا معاشيةً ومعامليةً وصار ذلك من صميم امرهم دخل فی ضروريات علومهم فجعل الله قلب النبی قابلاً لانعقاد رسم يعلم من ربه فيه روح الهی وبركة ونور وهو الشرع والملة ومن تلك الانفسارات بيت الله وذلك

اور اسی انفسارات میں سے کتب آسمانی ہیں اور یہ اس لئے کہ اشخاص انسانی کو الہام ہوا کہ وہ کتابیں لکھیں اور رسالے جمع کریں تاکہ زمانہ دراز تک نفع دیں اور دور تک نفع پہنچے اور صاحب کتاب کی نص مضبوطی واستحکام کے ساتھ باقی رہے۔ غلطی نہ ہو اور روایت بالمعنی میں غلطی اور نسیان خلل انداز نہ ہو اور یہ کتابت ان میں پھیل گئی۔ پھر اس تدلی نے دوسری صورت میں حرکت کی مقابل اس کے جو اشخاص انسانی میں تھا تو پس جو رسول بہرہ یاب انوار الٰہی ہیں اور جو بشریت سے حظیرۃ قدس کی طرف اٹھا لیے گئے ہیں ارادۂ الٰہی کے خادم ہو گئے۔ پس منعقد ہوئی علوم ملائکہ اور ان کا مجادلہ شبہات فاسقہ میں رحمت رب کے ارادہ سے اور الہام خیر سے ان کے سینہ میں از روئے وحی متلو کے رسول کے مدارک میں پس منتظم ہو گئے کتاب اور پہلی کتاب اور اسی طرح توریت اور اس سے پہلی صحیفہ تھی کہ مشتمل تھی ان علوم پر جو نبی کے قلب میں پہنچی۔ پھر امت میں سے جس نے چاہا جمع کر لیا اور ان انفسارات میں سے ملت ہے اور یہ یوں ہے کہ اشخاص بشر کو آپس میں رسمیں منعقد کرنے کا الہام ہوا تو منعقد ہوئیں رسوم مدنیہ اور رسوم معاشیہ معاملیہ اور یہ امر ان کے نہایت امر ضروری میں سے ہوا اور ان کے ضروریات علوم میں داخل ہوا تو کیا اللہ نے قلب نبی کو قابل انعقاد ایسی رسم کا جس میں رضائے الٰہی اور برکت نور ہو سو وہ شرع اور ملت ہے اور ان انفسارات میں سے کعبہ شریف ہے اور یہ یوں

ان الناس قبل سیدنا ابراهیم توغلوا فی بناء المعابد والکنایس فبنوا بناء علیٰ اسم الشمس فی وقت یغلب فیه روحانیة الشمس وکذٰلک القمر وسائر الکواکب وزعموا ان من دخل بهٰذه البیوت اقترب بصاحبها والحق ذٰلک بالضروریات وصار التوجه الی الامر البسیط مالم یتعین له جهة وموضع کالامر البعید فنزل علیٰ قلب سیدنا ابراهیم حذو ما کان فی زمنه واصطفیٰ موضعًا علمه مناسبًا لهٰذا الامر بان یکون هنالک قوی الافلاک والعناصر مقتضیة للبقاء وجاذبة لافئدة الناس الیه وعین لتعظیم الناس ایاه طرقًا واوضاعًا وتدلی الیهم بایجابه علیهم واعلم ان الشرایع لا تنعقد الا فی العادات وهٰذه حکمة الله فینظر الیٰ ما عندهم من العادات فما کان منها فاسدًا سجل علیٰ ترکه وما کان صحیحًا ابقیٰ وکذٰلک الوحی المتلو لا ینعقد الا فی الالفاظ والکلمات والاسالیب المخزونة فی ذهن الموحی الیه ولذٰلک اوحی الله الی العربی باللغة العربیة والی السریانی باللغة السریانیة وکذٰلک الرویا الصادقة لا یکون لا منعقدة فی الصور والخیالات المخزونة وکذٰلک لا یری الاکمه فی

ہوا کہ لوگ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے قبل مشغول ہوئے عبادتگاہوں اور کنیسہ بنانے میں پس انہوں نے بنایا مکان آفتاب کے نام پر وقت غلبہ روحانیت آفتاب کے اور اسی طرح ماہتاب اور باقی سیاروں کے نام پر اور انہوں نے یہ گمان کیا کہ جو شخص جس مکان میں داخل ہوگا، وہ اس ستارہ کا مقرب ہے اور یہ امر ضروریات میں شامل ہوگیا اور توجہ ہوگئی بسیط کی طرف جس کے واسطے کوئی جہت متعین نہیں مثل امر بعید کے پس نازل ہوا حضرت سیدنا ابراہیم کے قلب پر مقابل میں اس کے جو اس زمانہ میں تھا اور انہوں نے ایک جائے مقرر کی اس امر کے واسطے مناسب سمجھی کہ وہاں قوائے افلاک وعناصر بقا کے مقتضی ہوں اور جاذب ہوں لوگوں کے دلوں کو اس کی طرف اور مقرر کیے طریقے اور وضعیں تاکہ لوگ اس کی تعظیم کریں اور تدلی کی ان کی طرف کہ ان پر اس کی تعظیم واجب ہے اور یہ جان لینا چاہیے کہ شریعت عادات میں جاری ہوتی ہے اور یہ اللہ کی حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ مقررہ عادت کی طرف دیکھتا ہے۔ جو بری ہوتی ہیں ان کو منع فرمادیتا ہے اور جو اچھی ہوتی ہیں، ان کو قائم رکھتا ہے۔ اسی طرح وحی منعقد ہوتی ہے الفاظ اور کلموں اور اسلوبوں میں جو متلو اس شخص کے ذہن میں نہیں جو اس کی طرف وحی کی گئی ہیں اور اسی واسطے اللہ نے عرب والوں کی طرف عربی زبان میں وحی کی اور سریانی زبان والوں کی طرف سریانی زبان میں اور اسی طرح سچے خواب منعقد ہوتے ہیں ان

المنام الالوان ولا الاشکال وانما منامه اللمس والسماع والذوق والشم والوهم والاصم الذی ولد اصم لا یسمع فی منامه صوتاً وانما رویاه البصر واللمس وغیرهما وان شئت الحق فلا تنعقد صورة ما باضافة غیبیة فی نشاة سواء کانت هذه الافاضة عادیة او خارقة العادة الا باحکام تلک النشاة انما یکون مشخصاتها التی منعت الشرکة الوان او اشکالا خاصة بتلک النشأة کهذا الفرس مشخصاته کلها داخل النشأة الفرسیة کان الفرس یحتمل ان یکون طول اربع وزرع وازید من ذلک وانقص فکان هذا اربع ذرع لا یزید ولا ینقص فهذا لیس الا فی تلک النشأة لا غیر وکذلک ممیزات النوع التی میزت هذا النوع من النوع الاخر کلها امور داخلة فی النشأة الجنسیة فاذا کل فائض بهذا الوضع بخصوصیة له لابد معد من تلک النشأة خصصه بذلک الوضع بقی ههنا شیء وهو ان ایجاد الصور امره علی الامکان والتقدی والتدلیٰ والشعائر امرها علی المسلمات والمشهورات والامور التی تطمئن الیها النفوس فلذلک کان کل تدلی له معد من مسلماتهم اذ المراد بالتدلیات ان یطیع العباد ربهم بقلوبهم

صورتوں اور خیالوں میں جو ذہن میں پوشیدہ ہیں۔ اسی واسطے کور مادر زاد خواب میں رنگ نہیں دیکھتا اور نہ شکلیں۔ اس کا خواب لمس اور سننا اور چکھنا اور سونگھنا اور وہم ہے اور جو بہرا مادر زاد ہو وہ خواب میں کچھ سنتا نہیں، اس کا خواب دیکھنا اور چھونا وغیرہ ہے اور جو تو سچ پوچھے تو کوئی صورت عالم میں افاضہ غیبیہ کے ساتھ منعقد نہیں ہوتی برابر ہے کہ یہ افادہ عادتیہ ہو یا غیر عادتیہ مگر موافق احکام اس عالم کے ہو۔ بیشک وہ مشخصات جو شرکت رنگ اور اشکال کو منافع ہیں اس عالم کے ساتھ مخصوص ہیں جس طرح یہ گھوڑا کہ کل مشخصات اس کے داخل ہیں عالم فرسیہ میں۔ گویا گھوڑا احتمال ہے کہ طول اس کا چار ہاتھ ہو اور اس سے زیادہ اور کم پس یہ چار ہاتھ نہ زیادہ ہوں گے نہ کم تو یہ نہ ہوں گے مگر اسی عالم میں نہ اور جائے اور اسی طرح نوع کے ممیزات جن سے یہ نوع دوسرے نوع سے ممیز ہے سب امور میں جو داخل ہیں عالم جنسیت میں۔ پس اب اس وضع ہر فائض کے واسطے خصوصیت کے ساتھ ایک ایسا معد اس عالم میں سے ضروری ہے جس نے اس کو اس وضع کے ساتھ خاص کیا۔ باقی رہی یہاں ایک بات وہ یہ ہے کہ ایجاد صورتوں کا تو امر امکان اور تقدیر پر ہے اور تدلی اور شعائر کا امر مسلمات اور مشہورات پر اور ان امور پر جن سے اطمینان نفوس ہو اسی واسطے جو تدلی ہے اس کے واسطے معد ہیں ان کے مسمات سے کیونکہ تدلیات سے یہ مراد ہے کہ بندے اپنے رب کی بندگی دل

انقياذًا لا يقدرون على الزيادة عليه ثم يدئبون جوارحهم علىٰ حسب ذٰلک فاذا اقتضت المقتضيات ان يكون انسان عشرة اذرع جعل كذٰلک لانه ممكن وان لم يكن مشهورًا يطمئن اليه القلوب واما الشرايع والتدليات فكلها علىٰ موافقة المشهور والمسلم. نعم هنالک بركات تميز الصدق من الكذب والحق من الباطل وربما يختجل فى قلبک ان كل تدلى لابد ان يكون فيه خرق العادات فكيف يوافق المشهور فنقول لا يقف على الامر المجمل المطوى علىٰ غيره بل محض الامر فاصل الشىء على العادة لا يجاوزها ما كان الرسول ملكا ولا كان الكتاب عجميا ولا كان البيت من نور ولكن يظهر عليه بركات لا توجد فى غيره فالبركات تخرق العادة لا بالاصل وكان كفار قريش لم يفهموا حكمة الحق فى الفرق بين هٰذان الامرين فكانوا يقترحون ان يكون الرسول ملكًا وقالوا ما لهٰذا الرسول ياكل الطعام ويمشى فى الاسواق فرد الله عليهم مقالتهم وفضح اعتقادهم الفاسد وكذٰلک ما كانت صورة غلبة الرسول ان يكون معه ملک يشهد له او ينزل اليه من السماء كتاب وهم يرونه بابصارهم كما

سے کریں۔ اس طرح سے کہ اس کے زیادہ کرنے پر قادر ہوں۔ پھر اپنے اعضاء اس کے موافق عادی بنادیں۔ پس جس وقت مقتضیات تقاضا کریں کہ انسان دس گز کا ہو ایسا ہی کیا گیا کیونکہ یہ ممکن ہے اگرچہ مشہور نہیں جو اس سے دلوں کو اطمینان آجائے لیکن شرائع اور تدلیات موافق مشہور اور مسلم کے ہیں۔ ہاں یہاں ایسی برکتیں ہیں جو سچ کو جھوٹ اور حق کو باطل سے جدا کردیتی ہیں اور بسا اوقات تیرے دل میں یہ بات کھٹکتی ہو کہ ہر تدلی میں خرق عادت کا ہونا ضرور ہے تو کیوں کہ مشہور کے موافق ہوگا تو ہم کہتے ہیں کہ امر مجمل اور پیچیدہ پر ٹھہر نہ جا بلکہ کرید کر اس امر کی پس اصل شے کی عادت پر ہے، اس سے زیادہ تجاوز نہیں ہوتا۔ رسول فرشتہ نہیں ہوتا اور نہ کتاب آسمانی عجمی اور نہ گھر نور کا لیکن اس پر برکتیں ایسی ظاہر ہوتی ہیں کہ اس کے غیر میں نہیں پائی جاتیں تو خرق عادت برکتوں سے ہوتا ہے نہ اصل سے اور کفار قریش اللہ کی حکمت ان دونوں امروں کے فرق میں نہیں سمجھتے تھے تو اعتراض کرتے تھے کہ رسول فرشتہ ہو اور کہتے تھے کہ یہ کیسا رسول ہے کہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں پھرتا ہے تو اللہ نے ان کے قول کو رد کیا اور ان کے اعتقاد فاسد کی رسوائی کی اور اسی طرح رسول کے غلبہ کی صورت یہ نہیں کہ فرشتہ اس کے ساتھ ہو، گواہی دے یا آسمان سے کتاب نازل ہو اور وہ اپنی آنکھوں سے اسے دیکھیں جیسا اللہ تعالیٰ نے سورہ فرقان وغیرہ میں اس

صرح الحق من سورة الفرقان وغيرها بل كانت صورة غلبة الملوك بالمجاهدات والحروب وهذه قضية قضىٰ بها الوجدان ووجدنا السنة والقرآن مبينين لها ولفروعها لا فى مسئلة واحدة بل فى مسائل كثيرة والحمد لله اولاً وآخرا.

مشهد عظيم نفث فى روعى من قبل الملاء الاعلىٰ اسرار عظيمة حتى امتلات نفسى ونسمتى بها وها انا اذكرها لك تفصيلا فعض عليها بنواجذك اذا اردت ان يحصل لك كمال الملاء الاعلىٰ المتخاصمين فلا سبيل الى ذلك الدعاء وكثر الاطراح بين يدى ربك والسوال منه بجهد عزيمتك وصدق همتك لا سيما اذا سالت منه ما كنت مشتاقا الى تحصيله عقلا وطبعا وكان فيه تكملك وتكمل الناس ورالحة بعامة خلق الله فاذا رسخت ملكة الدعاء فيك وعقلت كيف تسال الله بصدق الهمة انخرطت فى سلك الملاء الاعلىٰ وقد اشار سيدنا ونبينا محمد صلى الله عليه وسلم الىٰ ذلك حيث قال من فتح له باب الدعاء فتح له باب الجنة او الرحمة او كما قال ومن اراد ان يحصل له فالملاء السافل من الملائكة فلا سبيل الىٰ ذلك الا الاعتصام

کی تصریح کردی ہے۔ بلکہ بادشاہوں کے غلبہ کی صورت جہاد اور لڑائیوں سے ہے اور یہ ایسا مضمون ہے کہ وجدان نے اس پر حکم لگایا ہے اور ہم نے قرآن وحدیث شریف کو اس کا اور اس کے فروع کا بیان کرنے والا پایا ہے نہ ایک مسئلہ میں بلکہ بہت سے مسائل میں والحمدللہ اولا وآخرا۔

مشہد عظیم میرے دل میں ملاء اعلیٰ سے ایسے اسرار عظیمہ آئے کہ میرا نفس اور روح ان سے بھر گیا اور ان کو تفصیل وار میں بیان کرتا ہوں تو ان کو خوب مضبوط ڈاڑھوں سے پکڑ جب تو چاہے کہ تجھ کو حاصل ہو کمال ملاء اعلیٰ کا جو متخاصمین ہیں تو اس کا کوئی رستہ نہیں مگر دعا اور عاجزی اللہ کے روبرو اور اس سے سوال کمال عزیمت اور صدق ہمت کے ساتھ خصوصا جس وقت تو اس سے سوال کرے اس شی کا جس کے حاصل کرنے کا تو مشتاق ہے عقل کی رو سے یا طبیعت کی رو سے اور اس میں تیرے واسطے اور خلقت کے لئے کمال ہو اور عام خلقت پر مہربانی ہو جب ملکہ دعا کا تجھ میں راسخ ہوا اور تو نے جان لیا کہ اللہ سے کیسے صدق ہمت سے سوال کرتا ہے تو ملاء اعلیٰ کے زمرہ میں داخل ہوگیا اور تحقیق اشارہ فرمایا ہے نبینا محمد ﷺ نے اس کی طرف جہاں فرمایا ہے کہ جس کے لئے دروازہ دعا کا کھل جاتا ہے اس کے لیے دروازہ جنت کا کھل جاتا ہے یا رحمت کا یا کوئی اور لفظ فرمایا اور جو شخص ارادہ کرے کہ ملائکہ سافل سا ہو جائے

بالطهارات والحلول بالمساجد القديمة التي صلى فيها جماعات من الاولياء واكثار الصلوٰة وتلاوة كتاب الله وذكر الله باسمائه الحسنىٰ او باربعين اسما فما هو مشهور فهٰذا كله ركن واحد فيما يقصد والركن الثاني كثرة الاستخارات في الامور المهمة بان يجعل نفسه سواء بالنسبة الى الفعل والترك ثم يسال الحق تبارك وتعالىٰ ان يبين له ما فيه المصلحة ويجلس متطهرا جامعا الخاطرة ينتظر انشراح خاطرة الى احد الجانبين ومن اعطاه الله تعالىٰ فهم نور الصلوٰة ونور الطهارة بحيث اذا بعد عهده عن الصلوٰة او تراكمت عليه الاحداث والجنابات او امتلات حواسه من الالوان المرئية والاصوات المسموعة حصلت له هيئة يعقلها ويميزها ويتازى منها وينتفر بجبلة عنها ثم اذا توغل في الطهارات والصلوٰة وجمع الحواس في الذكر حصلت له هيئة اخرى يعقلها ويميزها ويحسن اليها وينشرح بها وكانت الحالتان معلومتين متميزتين بمنزلة المحسوسات فهو المؤمن بالايمان الحقيقي الذي يعبر عنه بالاحسان لاشك في ذلك ومن عرف في ضمن الدعاء والذكر كيفية الحضور

تو اس کا کوئی طریق نہیں مگر یہ کہ بہت پاکیزہ رہے اور پرانی مسجدوں میں جائے جن میں بہت اولیاؤں نے نماز پڑھی ہو او کثرت سے نماز پڑھے اور قرآن شریف کی تلاوت اور ذکر اللہ کے اسماء حسنیٰ کا یا جو چالیس نام مشہور ہیں ان کا ذکر اور یہ سب باتیں اس مقصد کی ایک رکن ہیں اور رکن دوسرا مشکل امروں میں کثرت سے استخارہ کرنا کہ نفس کو متوجہ کرے کام کے کرنے اور نہ کرنے کی طرف پھر اللہ تبارک وتعالیٰ سے سوال کرے وہ ظاہر کرے جس میں مصلحت ہو اور بیٹھے باطہارت مطمئن ہوکر اور انتظار کرے کہ کس طرف دل پھرتا اور جس کو دیا اللہ نے نور نماز اور نور طہارت کا فہم اس طرح کہ جب وہ نماز سے رہ جائے یا بے وضو ہوجائے یا جنابت آجائے یا اس کے حواس بھر جائیں رنگوں سے جو نظر آئیں اور آوازوں سے جو سنے تو اس کو ایک ایسی ہیئت حاصل ہو کہ وہ تمیز کرلیتا ہے اور اس سے اذیت پاتا اور نفرت کرتا ہے جبلی طور پر اس سے نہ آتی ہے جب وہ طہارت اور نماز اور اطمینان سے ذکر کرنے میں مشغول ہوتا ہے ہیئت حاصل ہوتی ہے تو تمیز کرتا ہے اور اس کو اچھا جانتا ہے اور اس سے خوش ہوتا ہے اور یہ دونوں حالتیں جس کو سمجھتا ہے اور جدا جدا معلوم ہوجائیں جیسے بمنزلہ محسوسات کے تو وہ مومن ہے بایمان حقیقی جس سے عبارت احسان ہے اس میں کچھ شک نہیں اور جو شخص دعا اور ذکر میں کیفیت

وان لم يقدر علىٰ تجريد الحضور من اللفظ والحرف والخيال فقد اتى بما يهمه فى باب الاحسان۔

مشهد آخر رايت فى المنام الليلة العاشرة من صفر سنة اربع واربعين والف ومائة بمكة المباركة كان الحسن والحسين رضى الله عنهما نزلا فى بيتى وبيد الحسن رضى الله عنه قلم انكسر لسانه فبسط الىّ يده ليعطينى وقال هذا قلم جدى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال حتى يصلحه الحسين فليس ما اصلحه الحسين كما لم يصلحه فاخذه حسين رضى الله عنه واصلحه ثم ناولنيه فسررت به ثم جيء برداء مخطط فيه خط اخضر وخط ابيض فوضع بين يديهما فرفعه حسين رضى الله عنه وقال هذا رداء جدى رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم البنى فوضعته على راسى تعظيما وحمدت الله تعالىٰ ثم انتبهت۔

مشهد عظيم وتحقيق شريف

اعلم ان الايمان بما انزل الله تعالىٰ علىٰ نبيه صلى الله عليه وسلم علىٰ ضربين ايمان الرجل علىٰ بينة من ربه وايمان بالغيب الذى ايمانه علىٰ بينة من ربه فمثله كمثل رجل شهد الامير حين خلع علىٰ

حضور پائے اگرچہ قادر نہ ہو محض حضور پر بسبب لفظ وحرف وخیال کے تو وہ تحقیق اپنے ارادہ کو پہنچا احسان کے باب میں۔

مشہد آخر میں نے خواب میں دیکھا ماہ صفر کے دسویں تاریخ ۱۱۴۴ ایک ہزار ایک سو چوالیس کو مکہ مبارکہ میں کہ گویا حضرت امام حسنؓ اور امام حسینؓ میرے گھر تشریف لائے ہیں اور حضرت امام حسنؓ کے ہاتھ میں ایک قلم ٹوٹے نوک کا ہے پھر انہوں نے ہاتھ بڑھایا کہ مجھ کو عنایت کریں اور فرمایا یہ ہمارے جد رسول اللہ ﷺ کا ہے پھر فرمایا تاکہ اس کو حسینؓ سنوار دیں یہ ویسا نہیں ہے جیسا امام حسینؓ نے سنوارا تھا پھر لے لیا حضرت امام حسینؓ نے اور سنوار دیا پھر مجھ کو عنایت کیا میں بہت خوش ہوا اس سے پھر آئی ایک چادر دھاری دار کہ جس میں ایک سبز دھاری اور ایک سفید تھی پھر ان کے اوپر رکھی گئی پھر حضرت امام حسینؓ نے اس کو اٹھایا اور فرمایا یہ چادر ہمارے جد رسول اللہ ﷺ کی ہے پھر مجھ کو اڑھائی پھر میں نے اس کو تعظیما اپنے سر پر رکھا اور اللہ تعالیٰ کا شکر کیا پھر میں جاگ گیا۔

مشہد عظیم وتحقیق شریف جان لینا چاہیے کہ ایمان لانا اس شی پر جو اللہ نے اپنے نبی ﷺ پر نازل کیا ہے دو قسم ہے ایک ایمان لانا آدمی کا بینہ پر اپنے رب کے اور دوسری قسم ایمان لانا غیب پر سو جو جس شخص کا ایمان اپنے رب پر ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی بادشاہ کے دربار میں جائے اس وقت کہ

وزیدہ خلعة الوزارة وولاہ امور المملكة
وبعثه الی الناس یخبرھم بکذا وکذا وازال
الخفاء ببعثه وکلفھم بذٰلک فکل ھٰذا
بمرئی منه ومسمع ابصرته عیناہ حین خلع
وسمعته اذناہ حین قال ودعاہ قلبه حین
کلف فھٰذا الحاضر لم یصر وزیر
الحضورة ولا مبعوثا الی الناس ولکن صار
مکلفا علیٰ بینة ومامورا مشافھه واما
المؤمن بالغیب فمثله کمثل رجل اعمیٰ
اخبرہ بصیر بطلوع الشمس فاستقین به
حتیٰ انه لا یجد فی قلبه نقیضاً ولا احتمالاً
ضعیفاً ایضًا ولکن جزم قلبه انما کنھة ان
البصیر اخبرہ به لا من دون توسط البصیر
والکامل من الافراد من جمیع الایمانین
فله ارتباط بالحق الاول لا یقبل التوسط
ترشح من ھٰذا الارتباط جمیع العلوم التی
انزلھا اللہ تعالیٰ علیٰ انبیائه فاستیقن بھا
بلا اطمئن وکان علیٰ بینة من ربه فلیس له
بحسب ھٰذا الارتباط ناموس یحفظه
ویمسک بیدیه وانما حفظ الحق له
وعصمته ھو الذی یمسک بیدیه فھو
یحس بھٰذا الحفظ ویری انه لو انقطع لما
کان مستقرہ الا الھاویة السفلی وھو
بحسبه محقق بالعلم الالٰھی ووراء ذٰلک
له تدلی یحذوا حذو العوام کما له الایمان

بینہ پر ہے وہ وزیر کو خلعت وزارت کا دے اور حاکم
کرے امور مملکت اور اس کے بھیجے کہ لوگوں کو اس بات
کی خبر کردے اور اس کو بھیج کر خفا کو دور کردے اور لوگوں
کو مکلف کرے وہ شخص یہ سب دیکھ رہا ہے اور سن رہا
ہے اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھا خلعت دینے کو اور
کانون سے سنا جو بادشاہ نے کہا اور اسے یاد ہے جب
مکلف کیا تو یہ شخص حاضر نہیں ہو جانے کا وزیر حاضر
ہونے سے اور نہ مبعوث لوگوں کی طرف لیکن مکلف
ہوگیا دیکھ کر اور مامور ہوگیا اور جو ایمان بالغیب لائی اس
کی مثال ایسی ہے جیسے ایک اندھا ہے اس کو بینا نے خبر
دی کہ آفتاب طلوع ہوا اس نے یقین کرلیا ایسے کہ اس
کے دل میں اس کے برعکس نہیں اور نہ کوئی احتمال ضعیف
بھی لیکن اس کے دل کو یقین ہے کہ آنکھوں والے نے
خبر دی ہے نہ بغیر وسیلہ آنکھوں والے کی اور کامل فردوں
میں وہ فرد ہے جس کو دونوں قسم کا ایمان ہے، اس کو
ارتباط حق ہے پہلے ہی سے جس میں توسط نہیں اس
ارتباط سے اس پر ترشح ہوتے ہیں وہ سب علوم جو اللہ
نے نازل کئے اپنے نبیوں پر اس نے ان پر یقین کیا
بلکہ اطمینان کیوں کہ وہ تھا بینہ پر اپنے رب کے اس
ارتباط کی موافق نہیں کوئی اس پر فرمان کہ اس کی حفاظت
کرے اور اس کو روکے دونوں ہاتھوں سے سوائے اس
کے نہیں کہ اس کو اللہ کی حفاظت اور عصمت اپنے روبرو
رہ کے ہونے سے وہ معلوم کرتا ہے اس حفظ کو اور جانتا
ہے کہ اگر اس سے الگ ہوا تو پھر جہنم میں ہی ٹھکانا ہے
اور وہ موافق اس کی محقق بعلم الٰہی ہے اور سوا اس کے

بالغيب والانحفاظ بالنواميس والجزم بواسطة الخبر والانقياد التام للمخبر الصادق والمحبة الصادقة له فالايمانان متحققان للفرد ولكن عند شعشعان انوار الايمان الاول قد يخفى الثاني وكنت ذات ليلة اصلى التهجد فى الحجرة اذ تشعشع انوار الايمان علىٰ بينة فغلبت وبهرت فتاملت الايمان بالغيب فلم اجده ثم تاملته فلم اجده حتى رايتنى اتحسر عليه واتاسف ثم بعد حين فاظهر هذا الايمان واطمئن الخاطر فتدبر.

اس کے واسطے ہے تدلی مقابل عادم کے جس کا کمال ایمان بالغیب ہے اور حفاظت کرنے والی شریعت اور یقین بواسطہ خبر کے اور مخبر صادق کا انقیاد پورا پورا اور اس سے محبت صادق پس یہ دونوں ایمان کی قسمیں فرد کے واسطے محقق ہیں لیکن جب پہلی قسم کے ایمان کے نور چمکتے ہیں تو دوسری قسم کے ایمان کے نور چھپ جاتے ہیں اور میں ایک رات تہجد پڑھتا تھا حرم میں انوار ایمان علیٰ بینہ کے غالب آ گئے اور چمکے اور میں متحیر ہوا میں نے سوچا کہ یمان بالغیب ہے تو نہ پایا یہاں تک کہ معلوم ہوا اس پر حسرت کرتا ہوں اور افسوس پھر اس پر حسرت کرتا ہوں اور افسوس پھر اس کے بعد نہ ظاہر ہوا یہ ایمان اور سر اور مجھے اطمینان آ گیا تو اسے غور کرو۔

تحقيق شريف الاولياء كثيرًا ما يلهمون بان الله تعالىٰ اسقط عنهم التكليف وانه خيرهم فى الطاعات ان شاؤا فعلوها وان لم يشاؤا لم يفعلوه حكىٰ لى سيدى الوالد رضى الله عنه عن نفسه ان الهم بهٰذا وانه دعا الله تعالىٰ ان يقيم عليه التكليف وما اختار الا التمس ولم يكن من مذهبه سقوط التكليف عن احد من خلق الله ما دام عاقلا بالغا فرايته يرى الالهام حقا ويرى مذهبه حقا ويتحيز فى التطبيق واخبرت عن سيدى العم قدس سره ان كان يخبر عن نفسه انه الهم بسقوط التكليف وقبل له ان عبدت خوفا من النار

تحقیق شریف بہت اولیاؤں کو الہام ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے تکلیف شرعی معاف کی تمہیں اختیار ہے عبادت چاہے کرو چاہے نہ کرو حضرت قبلہ گاہی صاحب نے اپنی حکایت بیان کی مجھ سے کہ ان کو بھی الہام ہوا اور انہوں نے اللہ سے دعا کی کہ مجھ پر شرع کی تکلیف قائم رہے اور انہوں نے سوا شرع کی نہ اختیار کیا اور ان کا مذہب نہ تھا تکلیف شرعی معاف ہونے کا کسی سے جب تک عاقل بالغ ہو کئی میں نے انہیں دیکھا الہام کو بھی حق جانتے تھے اور اپنے مذہب کو بھی حق اور اس کی تطبیق میں متحیر تھے اور جناب عموی صاحب نے اپنا حال بیان کیا کہ ان کو الہام ہوا کہ تکلیف شرعی معاف کی گئی اور ان سے کہا گیا کہ اگر جہنم سے ڈر کر عبادت کرو تو

فانا قد اجرناک عن النار وان عبدت طمعا فی الجنة فانا وعدناک ان ندخلک ایاها وان عبدت طلبا لرضانا فقد رضینا عنک رضا لا سخط بعده فقال ربی انما اعبد لک لا لشیء دونک وکان قدس سره یمیل الیٰ ان الکمل یسقط عنهم التکلیف والله سبحانه هو الذی یقیم علیهم النوامیس من غیر اختیارهم وهٰکذا روی عن کثیر من اولیاء الله تعالیٰ والسر فی ذٰلک عندی ان الانسان اذا انتقل عن الایمان بالغیب بهٰذه النوامیس الی الایمان بها علیٰ بینة ووجد هٰذه العبادات والنوامیس فی نفسه مثل الجوع والعطش مما لا یقدر علیٰ ترکه ولا معنیٰ لتعلق التکلیف به لانها من الجبلة التی جبل علیها ما سواہ کان هٰذا السر واضحًا منشرحًا او مجملاً ترشح من ذٰلک علیٰ باطنه خطاب من الحق انما مثاره هٰذه الحالة الاجمالیة والتفصیلیة ان الله تعالیٰ اسقط عنه التکلیف وانه اختار بعد ذٰلک التمس من اختیار وقصد وانما مثل هٰذه الامور عندی مثل الرؤیا یحتاج الیٰ تعبیرها وانما تعبیر هٰذا الالهام حصول هٰذا المقام الذی هو مثار الالهام والحق عندی ان الالهام کله حق ولکن منه

ہم نے تم کو دوزخ سے نجات دی اور جنت کے واسطے عبادت کرو تو ہم نے جنت کا وعدہ کرلیا تم کو داخل کریں گے اور ہماری رضامندی کیلئے عبادت کرو تو ہم راضی ہیں کبھی غصہ نہ کریں گے تو انہوں نے عرض کیا کہ یاالٰہی میں تیری عبادت کسی شے کے لیے نہیں کرتا سوا تیرے اور وہ قدس سرہ مائل تھے اس بات کی طرف کہ کاملوں سے تکلیف شرعی ساقط ہوجاتی ہے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان پر فرمان شریعت ان کے بے اختیار قائم کردیتا ہے اور ایسا ہی بہت سے اولیاء اللہ سے روایت کیا گیا ہے اور میرے نزدیک اس میں یہ بھید ہے کہ انسان جب منتقل ہوتا ہے اس نوامیس پر نادیدہ ایمان لانے پر اور پادے عبادات اور نوامیس کو اپنے دل میں مثل بھوک اور پیاس کے جس کے ترک کرنے پر قادر نہیں اور کچھ معنیٰ نہیں اس سے علاوہ تکلیف کے اس لیے کہ وہ تو اس کی جبلت ہے جس پر وہ پیدا ہوا برابر ہے کہ یہ سر اس پر واضح ہو کھلا کھلا یا مجمل ہو ترشح ہوتا ہے اس سے اس کے باطن پر خطاب اللہ تعالیٰ کا مطلوب اس کا یہ حالت اجمالیہ اور تفصیلیہ ہے اکہ اللہ تعالیٰ نے اس سے تکلیف ساقط کی اور اس نے بعد اس کے تکلیف شرعیہ کو اختیار کیا اپنے قصد و اختیار سے اور میرے نزدیک ان امور کی مثال خواب کی مثال ہے کہ تعبیر کی حاجت ہے اور تعبیر اس الہام کی حاصل ہونا اس مقام کا ہے جو الہام کا مطلوب ہے اور میرے نزدیک حق یہ ہے کہ الہام سب حق ہیں لیکن

النائض عن لسان خاص ومثار معلوم ومنه
الفائض عن لسان القضاء الحاكم على
الوقت الاول متبع بحسب مقام دون مقام
والثانى هو المتبع المطلق ومن الالهام ما
يحتاج الىٰ تعبير فلابد من استنباط رجل
تام المعرفة ومنه ما لا يحتاج فتدبر.

تحقيق شريف ومشاهد اخرىٰ

اعلم ان الارواح اذا فارقت اجسادلها
ضمحا من القوة البهيمة اشياء وقويت
الملكية واستقلت بما حملت من الكمال
وهذا الكمال علىٰ وجوه منها نور الاعمال
وذلك لان ملكية اذا اوجب الىٰ البهيمة
ان تعمل عملاً من الاعمال الصالحة
فانقادت البهيمة واجتمعت بشر اسرها
تحت تصرفها حصل للملكية انشراح
وللبهيمة هيئة تناسب هيئة الملكية وهى
غاية كما لها واذ تكرر ذلك مرة بعد
اخرى حصل هذا الكمال فى جوهر
الملكية والبهيمة وكان خلقا لهذا النفس
وديدنا وجبلة لا تنفك عنها ابدا ومنها
نور الرحمة وذلك لان الانسان اذا عمل
عملا رضى به الله تبارك وتعالىٰ ورحمه
ورجله لكونه سبب التفريح الكروب عن
الناس كافة او لكونه سبب لتمام ما اراده
الحق بتدليه الى الحق من الهداية واشاعة

بعضے ان سے زبان خاص اور مطلوب معلوم سے
فائض ہیں اور بعضے ان کے حکم حاکم وقت سے ہیں
پہلے قسم موافق بعضے مقام کے ہیں اور دوسری قسم تبع
مطلق ہیں ۔ اور بعضے الہام تعبیر کے محتاج ہیں تو
ضرور ہے استنباط کرنا کامل معرفت والے شخص کا اور
بعضے الہام محتاج تعبیر کے نہیں پس غور کرو۔

تحقیق شریف ومشاهد اخرىٰ

جاننا چاہیے کہ جب ارواح اپنے اجسام سے جدا ہو جاتی
ہیں تو بہت سی چیزیں قوۃ بہیمیہ کی مضمحل ہوجاتی ہیں
اور ملکیت قوتیں قوی اور مستقل ہوجاتی ہیں بوجہ کمال
حاصل کرنے کے اور یہ کمال کئی وجہوں پر ہے ان میں
سے ایک نور اعمال ہے اور یہ اس لیے کہ جب قوۃ
ملکیہ قوۃ بہیمیہ کو الہام کرتی ہے کہ کوئی نیک عمل کرے
تو قوۃ بہیمیہ مطیع ہوجاتی ہے اور بالکل اس کے تحت
وتصرف میں تو ملکیہ کو خوشی حاصل ہوتی ہے ایک ہیئت
مناسب ہیئت ملکیہ اور یہی قوۃ بہیمیہ کا انتہائے کمال
ہے اور جب یہ امر یکے بعد دیگرے کئے بار ہوتا ہے تو
جو ہر ملکیہ اور بہیمیہ میں یہ کمال حاصل ہے اور اس
نفس کا واسطے یہ خلق وعادت اور طبیعت اور جبلت
ہوجاتا ہے کہ ابد تک کبھی اس سے جدا نہ ہوا اور ایک
ان میں سے نور رحمت ہے یہ اس لیے کہ انسان جب
عمل کرتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اس سے خوش ہوتا
ہے اور اس سبب سے اس پر رحمت بھیجتا ہے اس لیے
کہ انسان تمام لوگوں کی سختی دور کرتا ہے یا اس لیے کہ
وہ سبب ہوتا ہے اس کے پورا ہونے کا جو اللہ نے

النور ولكون هذه النفس معدودة فى عداد التدلى بان التفتت هذه النفس وطمحت بجهد همتها الى التدلى واندرجت فيه فعند اجتماع هذه الوجوه الثلثة او وجوه واحد منها يشتمله الرحمة الالهية فيظهر حينئذ للنفس انشراح ملكى وانبساط ومنها ان النفس اذا ذكرت جلال ربها اما بالالفاظ او بالمتخيلات كالاشغال القلبية او بالوهم المحاكى للجبروت وهو الذى يسميها اكثر اهل الزمان باليادداشت حصل للنفس وخلص اليها ملكة بسط ولون جبروتى وكثير اما يسمى ذلک نور اليادداشت ومنها نور الاحوال وذلک لان النفس اذا كانت ممن يتمطى لتبدل الاحوال الخوف والرجا والفلق والشوق والانس والهيبة والتعظيم وغيرها خلص الىٰ جوهرها صفا ورقة قوام فاذا انفكت عن الجسد ولم يخففها ارادات متجددة انطبعت فيها الوان اسماء الحق وانواره وحصلت لها رفايق كثيرة وابتهجت بكل رقيقة فهٰذا حال اكثر الارواح وبتلک الانوار تكون كمراٰة ملقاة فى الشمس امتلئت نورا وضوء او كحوض ممتلیء ماء ضربه نور الشمس فى يوم راكد الريح وقت الهاجرة فاكتسا الماء لون الشمس

خلقت پر تدلی کرنے سے چاہا ہے یعنی ہدایت اور نور کی اشاعت یا واسطے ہونے کے اس نفس کے معدود شمار تدلی میں کہ یہ نفس التفات کرے اور مرتفع ہو اپنی ہمت کی کوشش سے طرف تدلی کے اور داخل ہو اس میں پس جب اس میں یہ تینوں وجہ جمع ہوجائیں یا ان میں سے ایک اللہ کی رحمت شامل ہوتی ہے تو اس وقت نفس کو انشراح ملکی خوش ہوتی ہے بعض سے یہ ہے کہ جب نفس نے اپنے رب کے جلال کو یاد کیا یا تو لفظوں سے اور یا خیال سے جیسا کہ اشغال قلبی کا طریقہ ہے یا وہم سے جو عالم جبروت کا حال بتانے والا ہے اور یہ وہی ہے جسے اکثر اہل زمانہ یاداشت کہتے ہیں و حاصل ہوتا ہے نفس کو اور دوست ہوجاتا ہے اس کا ایک ملکہ بسیط اور رنگ جبروتی او بہت لوگ اس کو نور یاداشت کہتے ہیں اور ان میں سے نور احوال ہے اور یہ اس لیے کہ نفس جب ہوتا ہے ان میں سے جو تیز رو ہیں واسطے بدلنے احوال خوف رجا اور فلق اور شوق اور انس وہیبت تعظیم وغیرہ کے دوست ہوجاتی ہے اس کی جوہر کی صفائی اور وقت قوام پھر جب وہ روح جسم سے جدا ہوئے اور اس کو گھیرا نہ لیا ارادوں متجددہ نے تو اس میں منطبع ہوجاتے ہیں رنگ اور انوار اسماء الہی کے اور اس کو حاصل ہوتے ہیں لطافتیں کثیرہ اور وہ خوش ہوتے ہیں ہر لطافت سے پس یہ احوال اکثر ارواح کا ہے اور ان نوروں سے روح ہوجاتی ہے مانند ایک آئینہ کے جو دھوپ میں رکھا ہوا اور چمکتا ہو روشنی آفتاب سے یا مانند ایک حوض کے جو پانی سے

اذا علمت ما قلناه وفهمته فاعلم انی لما زرت شهداء بدر رضی تعالیٰ الله عنهم وقمت بحیال قبورهم سطعت الانوار من قبورهم الینا دفعة فی اول الامر کمثل الانوار المحسوسة حتیٰ ترددت انی ادرکها بالحس وببصر الروح ثم تاملت فیها ای النور هی فوجدتها انوار الرحمة ولما زرت القبر الذی ینسب الی ابی ذر الغفاری رضی الله تعالیٰ عنه بصفراء والله اعلم بحقیقة الحال وجلست حیاله وتوجهت الی روحه ظهرت لی کمثل هلال الثالثة فتاملته فیها فاذا نورها نور الاعمال ونور الرحمة جمیعا الا ان نور الرحمة اغلب واظهر وکنت قبل ذٰلک بمکة المعظمة فی مولد النبی صلی الله علیه وسلم فی یوم ولادته والناس یصلون علی النبی صلی الله علیه وسلم یذکرون ارهاصاته التی ظهرت فی ولادته ومشاهده قبل بعثته فرایت انوارا سطعت دفعة واحدة لا اقول انی ادرکتها ببصر الجسد ولا اقول ادرکتها ببصر الروح فقط الله اعلم کیف کان الامر بین هٰذا وذٰلک فتاملت تلک الانوار فوجدتها من قبل الملائکة الموکلین بامثال هٰذه المشاهد وابمثال

لبریز ہو اور جس پر آفتاب چمکتا ہو اور ہوا ٹھری ہوئی ہو اور دوپہر کا وقت ہو اور وہ پانی نور فتاب سے منور ہو پس جب تم نے سمجھ لیا جو ہم نے کہا تو جانو کہ جب میں نے زیارت کی شہداء بدرؓ کی اور میں ان کے مزاروں کے فرد کھڑا ہوا تو ان کے مزاروں سے یکبارگی میری طرف نور چمکا ایسا نور کہ جیسے ان آنکھوں کے آگے ہے یہاں تک کہ میں تردد میں تھا کہ ان آنکھوں سے دیکھتا ہوں یا روح کی آنکھوں سے پھر سوچا میں نے کہ یہ کونسا نور ہے تو معلوم کیا کہ یہ انوار رحمت ہیں اور جب میں نے زیادرت کی اس مزار کی جو حضرت ابوذر غفاریؓ کا مشہور اور جو وادی صفراء میں ہے، اور حقیقت حال خدا خوب جانتا ہے اور جب میں بیٹھا گرد اس مزار کے اور متوجہ ہوا ان جی روح کا تو مجھے معلوم ہوا ایک چاند تیسری شب کا میں سوچا تو وہ نور نور اعمال و نور رحمت دونوں جمع تھے مگر نور رحمت غالب اور بہت ظاہر تھا اور اس سے پہلے مکہ معظمہ میں آنحضرت ﷺ کے مولد مبارک میں تھا میلاد شریف کے روز اور لوگ نبی ﷺ پر درود شریف پڑھتے تھے اور بیان کرتے تھے وہ معجزے جو آپ کی وقت ولادت ظاہر ہوئے تھے اور وہ مشاہدے جو نبوت سے پہلے ہوئے تھے تو میں نے دیکھا کہ یکبارگی انوار ظاہر ہوئے ہیں یہ نہیں کہہ سکتا کہ آیا ان آنکھوں سے دیکھا اور نہ یہ کہہ سکتا ہوں کہ فقط روح کی آنکھوں سے خدا جانے کیا امر تھا ان آنکھوں سے دیکھا یا روح کی پس میں نے تامل کیا تو معلوم ہوا کہ یہ نور ان ملائکہ کا ہے

هذه المجالس ورايت بخالطة انوار الملائكة انوار الرحمة.

جو اسی مجلسوں اور مشاہد پر موکل ومقرر ہیں اور میں نے دیکھا کہ انوار ملائکہ اور انوار رحمت ملے ہوئے ہیں۔

مشاهد اخرىٰ بالاجمال لما دخلت المدينة المنورة وزرت الروضة المقدسة علىٰ صاحبها افضل الصلوٰة والتسليمات رايت روحه صلى الله عليه وسلم ظاهرة بارزة لا فى عالم الارواح فقط بل فى المثال القريب من الحس فادركت ان العوام انما يذكرون حضور النبى صلى الله عليه وسلم فى الصلوات وامامته بالناس فيها وامثال ذلک من هذه الدقيقة وكذلک الناس عامة لا يلهجون بشىء الا بما يترشح علىٰ ارواحهم من علم فياخذون اما حقيقة واما شجه فيخبر واحد ويتلقاه الاخر بالقبول لما ادرک ادراكا اجماليا ويسمعه ثالث فيؤيده بوجهه آخر ورابع فيذكر شجا مناسبا وهلم جرا حتىٰ يتفق امة من الناس علىٰ ذلک فليس اتفاقهم فى مثل ذلک سدى فلا تزدر المشهورات العوام لكن تفطن باسرار ما يلهجون ثم توجهت الى القبر الشامخ المقدس مرة بعد اخرىٰ فبرز صلى الله عليه وسلم فى رقيقة بعد رقيقة فتارة فى صورة مجرد العظموت والهيبة وتارة فى صورة الجذوب المحبة والانس

مشاہدہ دوسرا بالاجمال جب میں داخل مدینہ منورہ ہوا اور روضہ مقدس رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی تو آپ کی روح مبارک ومقدس کو دیکھا ظاہر اور عیان نہ فقط عالم ارواح میں بلکہ عالم مثال میں ان آنکھوں سے قریب پس میں نے معلوم کیا کہ یہ جو لوگ کہا کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نماز میں خود موجود ہوتے ہیں اور لوگوں کو نماز پڑھاتے ہیں اور ایسی باتیں وہ یہی دقیقہ ہے اور اسی طرح اکثر لوگ کوئی بات زبان پر نہیں لاتے مگر جو ان کی ارواح پر ترشح کرے کسی علم سے تو ہوتی ہے وہ حقیقتاً یا اس کی صورت پھر ایک اس کو بیان کرتا ہے دوسرا قبول کر لیتا ہے اس چیز کو جسے اجمالی طور پر معلوم کیا اور تیسرا اسے سنتا ہے اور وہ اور وجہ سے اس کی تائید کرتا ہے اور چوتھا سنتا ہے تو ذکر کرتا ہے ایک صورت مناسب اسی طرح اور یہاں تک کہ اس امر پر لوگوں کی ایک جماعت متفق ہو جاتی ہے اور ان کا اتفاق ایسے امروں میں مہمل نہیں پس تو حقیر نہ سمجھ مشہورات عوام کو لیکن تو اس میں ان اسرار کو سمجھ جو وہ بیان کرتے ہیں پھر میں متوجہ ہوا روضہ عالیہ مقدسہ کی طرف چند بار تو ظہور فرمایا رسول اللہ ﷺ نے لطافت در لطافت میں کبھی تو فقط صورت برد عظموت وہیبت میں اور کبھی صورت جذبہ ومحبت اور انس وانشراح میں اور کبھی صورت سریان میں حتیٰ کہ میں

والانشراح وتارة فی صورة السریان حتیٰ اتخیل ان الفضاء ممتلیء بروحه علیه الصلوٰة والسلام وهی تتموج فیه تموج الریح العاصفة حتیٰ ان الناظر یکاد یشغله تموجها عن ملاحظة نفسه الی غیر ذٰلک من الرقائق ورایت صلی الله علیه وسلم فی اکثر الامور یبدی لی صورته الکریمة التی کان علیها مرة بعد مرة انی طامع الهمة الیٰ روحانیة لا الیٰ جسمانیة صلی الله علیه وسلم فتفطنت ان له خاصیة من تقویم روحه بصورة جسده علیه الصلوٰة والسلام وانه الذی اشاره الیه بقوله ان الانبیاء لا یموتون وانهم یصلون ویحجون فی قبورهم وانهم احیاء الیٰ غیر ذٰلک ولم اسلم علیه قط الاوقد انبسط الیٰ وانشراح وتبدی وظهر وذٰلک لانه رحمة للعالمین.

مشهد آخر لما کان الیوم الثالث سلمت علیه صلی الله علیه وسلم وعلیٰ صاحبیه رضی الله عنهما ثم قلت یا رسول الله! افضا علینا مما افاض الله علیک جئناک راغبین فی خیرک وانت رحمة للعالمین فانبسط الی انبساطا عظیما حتیٰ تخیلت کان عطافة ردائه لفتنی وغشیتنی ثم غطنی غطة وتبدی لی واظهر لی الاسرار وعرفنی بنفسه وامدنی امدادا

خیال کرتا تھا کہ تمام فضا بھری ہوئی ہے آنحضرت ﷺ کی روح مقدس سے اور روح مبارک اس میں موجیں مار رہی ہے مانند ہوائے تیز کے یہاں تک کہ دیکھنے والے کو تموج اور لطافتوں کی طرف نظر کرنے سے باز رکھتا تھا اور میں نے دیکھا آنحضرت ﷺ کو اکثر امور میں اصلی صورت مقدس میں بار بار باوجود یہ کہ میری کمال آرزو تھی کی روحانیت میں دیکھوں نہ جسمانیت میں آنحضرت ﷺ کو پس مجھ کو دریافت ہوا کہ آپ کا خاصہ ہے روح کو صورت جسم میں کرنا ﷺ اور یہ وہی بات ہے جس کی طرف آپ نے اپنے اس قول سے اشارہ فرمایا ہے کہ انبیاء نہیں مرتے اور نماز پڑھا کرتے ہیں اپنی قبروں میں اور انبیاء حج کیا کرتے ہیں اپنی قبروں میں وہ زندہ ہیں وغیرہ وغیرہ اور جب میں نے آپ پر سلام بھیجا تو مجھ سے خوش ہوئے اور انشراح فرمائے اور ظاہر ہوئے اور یہ اس واسطے کہ آپ رحمت للعالمین ہیں۔

مشہد دیگر جب تیسرا روز ہوا میں نے آپ پر سلام پڑھا اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ پر پھر عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ عنایت ہو ہم کو کچھ اس میں سے جو اللہ نے آپ کو دیا ہے ہم آپکے عطا کے شوقین آئیں ہیں اور آپ رحمت للعالمین ہیں تو آپ نے میری طرف کمال التفات کیا یہاں تک کہ میں نے خیال کیا کہ آپ عنایت کی اس چادر نے مجھ کو لپیٹ لیا اور ڈھانک لیا خوب اچھی طرح چھپالیا اور ظاہر کئے مجھ پر اسرار اور شناخت کروائی

عظيما اجماليا وعرفني كيف استمد به في
حوائجي وكيف يرد هو الى من يصلي
عليه وكيف ينبسط الى من الطرى في
مدحه او الح عليه فرايت عليه الصلوٰة
والتسليمات قد صار من جوهر روحه
وديدن نفسه وجبلته وفطرته مظهرية
المتدلى العظيم المنبسط علىٰ وجهه
البشر حتىٰ يكاد الظاهر يتميز من المظهر
وهذه التدلى العظيم هي التي تدعى عند
الصوفية بالحقيقة المحمدية وهي التي
يصفونها بانها قطب الاقطاب ونبي الانبياء
وكنهها بروز هذا التجلي في البرزة البشرة
فلما انعقدت حقيقة في المثال متوجهة الى
الخلق سميت حقيقة محمدية وقطبا ونبيا
وهي تتحد مع كل من بعث الى الخلق ثم
اذا تم امر البعثة وتوجهه المبعوث الىٰ
رحمة ربه وادبر على الخلق انفكت عنه
واما سيدنا رسول الله صلى الله عليه وسلم
فلما كان مندرجا في اصل بعثته ان يكون
شهيدًا يوم القيامة شفيعًا يومئذ تمهيدًا من
الله للعصاة من خلقه ولطفا منه بالنسبة
اليهم ليخرج منه عليه الصلوٰة والسلام
همة عظيمة تقتضي شمول الرحمة اياهم
وخلوص ملكيتهم عن بهيمتهم فيكون
معك الرحمة الله وجوده بالنسبة الىٰ

مجھے خود اور ایک بڑی اجمالی میری امداد فرمائی اور بتایا
مجھ کو کہ کس طرح آپ سے اپنے حاجتوں میں مدد
چاہوں اور کس طرح آپ جواب دیتے ہیں جب
آپ پر کوئی درود پڑھے اور کیسے خوش ہوتے ہیں جو
آپ کی مدح میں کوشش کرے یا آپ سے الحاح
کرے پس دیکھا میں نے آنحضرت ﷺ کو کہ
آپ اپنے جو ہر روح اور عادت نفس وجبلت وفطرت
کے باعث تدلی عظیم کے مظہر ہوگئے اور وہ جو منبسط
ہے بشر کے اوپر جس میں ظاہر اور مظہر کی تمیز نہیں ہوتی
اور یہ وہ تدلی عظیم ہے جس کو صوفیہ حقیقت محمدیہ کہتے
ہیں اور اسی تدلی سے مراد ہوتی ہے جو صوفیہ کہتے ہیں
کہ قطب الاقطاب اور نبی الانبیاء ہے اور کہن اس کا
ہے ظہور اس تجلی کا صورت بشریت میں پس جب
منعقد ہوتی ہے کوئی حقیقت مثال میں متوجہ خلقت کی
طرف اس کا نام حقیقت محمدیہ رکھا جاتا ہے اور قطب
اور نبی اور وہ اس سے متحد ہوتی ہے جو بھیجا جائے
خلقت کی طرف جب وہ امر ہو چکتا ہے اور وہ مبعوث
متوجہ ہوتا ہے رحمت رب کی طرف اور خلقت کی طرف
پیٹھ کرتا ہے تو تدلی جدا ہوجاتی ہے اس سے مگر ہمارے
رسول اللہ ﷺ کی اصل بعثت میں یہ بات مندرج
تھی کہ آپ قیامت کے دن شہید ہوں اور شفیع ہوں
اس روز اور عذر خواہ گنہگاروں کے اللہ کے لطف سے
اور ظاہر ہوئی آنحضرت ﷺ کی وہ ہمت عظیم کہ
شمول رحمت کے مقتضی ہے ان پر اور ان کی ملکیت
بہیمیہ سے خالص کرنے کو کہ آپ کا وجود ان لوگوں پر

اولئک الاقوام ذٰلک کخلقة قوی التناسل لیبقی النوع وکذٰلک خلق فی کل نوع ما یفیده عنده ینوبه النوائب لم یزل صلی الله علیه وسلم لا یزال متوجها الی الخلق مقبلا الیهم بوجهه فذٰلک کان احق الانبیاء بحلول هٰذه الحقیقة المثالیة فیه واتحادها معه بحیث لا یتمیز الظاهر من المظهر فکانه عینها لا بطوع علیه الانفکاک وهٰذا حد معانی هٰذا البیت المشهور:

افلت شموس الاولین وشمسنا

ابدا علیٰ افق العلیٰ لا تغرب

فالاتحاده بهٰذه الحقیقة ابصره ببصر روحی ولمیته الاتحاد تفطنت بها ورایته صلی الله علیه وسلم مستقرا علی تلک الحالة الواحدة دائما لا یزعجه فی نفسه ارادة متجددة ولا شیء من الدواعی نعم لما کان وجهه صلی الله علیه وسلم الی الخلق کان قریبا جدا من ان یرتفع انسان الیه بجهد همته فیغیثه فی نائبته او یفیض علیه من برکاته حتیٰ یتخیل انه ذو ارادات متجددة کمثل الذی یهمه اغاثه الملهوفین المحتاجین وتاملته علیه الصلوٰة والسلام الی ای مذهب من مذاهب الفقه یمیل لا تبعه والتمسک به

رحمت الٰہی نازل ہونے کا باعث ہو اور یہ ایسا ہے جیسے قوتیں تناسل کے بقائے نوع کے واسطے اور اسی طرح پیدا کی گئی ہے ہر نوع میں وہ چیز جو اسے مفید ہو بر وقت پیش آنے حادثہ کے ہمیشہ آنحضرت ﷺ متوجہ ہیں خلقت کی طرف اور منہ کئے ہوئے ہیں ان کی طرف اسی واسطے سب نبیوں سے حقدار زیادہ ہیں بوجہ پائے جانے اس حقیقت مثالیہ کے آپ میں اور متحد ہونا اس کا آپکے ساتھ اس حیثیت سے کہ ظاہر اور مظہر میں تمیز نہیں گویا کہ وہ بعینہ وہ ہے حقیقت میں جدا ہی نہیں اور یہ بھی ایک معنیٰ ہیں اس بیت مشہور کے:

پہلوں کے آفتاب چھپ گئے اور ہمارا آفتاب

ہمیشہ بلند آسمان پر تابان رہے گا

اس حقیقت سے آپ کی متحد ہونے کو میں نے اپنی روح کی آنکھ سے دیکھا اور اتحاد کا سبب میں نے اس سے معلوم کیا اور دیکھا میں نے آنخضرت ﷺ کو قائم ہمیشہ اسی حالت واحدہ پر کہ وہاں سے آپ کو نہ تو کوئی ارادہ متجددہ ہٹا سکتا ہے اور نہ کوئی داعیہ ہاں جس وقت آپ متوجہ ہوتے ہیں خلق کی طرف تو نہایت قریب ہوتے ہیں کہ انسان اپنی کوشش ہمت سے عرض کرے اور آپ فریادرسی کریں اس کی مصیبت میں یا اس پر ایسی برکتیں فاضہ فرمائیں کہ وہ خیال کرے کہ آپ صاحب ارادات متجددہ ہیں جیسے کوئی شخص مظلوموں محتاجوں کی فریادرسی میں مصروف ہو اور میں نے غور کی کہ آنخضرت ﷺ مذاہب فقہ میں سے کس مذہب کی طرف مائل ہیں کہ میں بھی وہی مذہب

فاذا المذاهب كلها عنده على السواء ليس علم الفروع فى حالة وهذه من ديدن روحه الكريمة انما الداخل فى جوهر روحه اصل علم الفروع وهو عنايته الحق بنفوس البشر من جهة اعمالهم واخلاقهم واصلاحها وهذا اصل له فروع واشباح يختلف باختلاف الزمان فالداخل فى جوهر الروح هذا الاصل فلذلك كان نسبة المذاهب على السواء لا يتميز عنده مذهب من مذهب لان كل مذهب يحيط بما يجب من امهات الفقه فى الدين المحمدى وان اختلف فلو ان احدا لم يقتف واحدا من المذاهب لم يكن له صلى الله عليه وسلم سخط بالنسبة اليه الا بالعرض وهو ان يتفق اختلاف فى ملته وتقاتل بين الناس وفساد ذات البين وهذا اشد ما يسخط عليه وكذلك رايت الطرق كلها عنده على السواء كمثل المذاهب ويجب التنبيه بعد ذلك على نكتة وهى انه رب رجل يكون عنده ان النبى صلى الله عليه وسلم يختار المذهب الفلانى وانه الحق المطلوب ثم يقصر فيه فينعقد فى قلبه اعتقادانه قصر فى جنب الله ورسوله فياتى رسول الله صلى الله عليه وسلم ويقف عنده فيحد بينه وبين النبى

اختیار کروں تو معلوم ہوا کہ سب مذہب آپ کے نزدیک برابر ہیں اس حالت میں علم فروع آپ کی روح مبارک کے عادت میں سے یہی نہیں آپ کی جوہر روح میں علم فروع کی اصل داخل ہے اور وہ عنایت حق ہے نفوس بشر پر انکے اعمال واخلاق اور ان کی اصلاح کی جہت سے اور یہ اصل ہے اور ان کے فرع اور صورتیں مختلف ہوتی ہیں اختلاف زمانہ کے لحاظ سے پس داخل جوہر روح آنحضرت ﷺ میں یہ اصل ہے اسی واسطے آپ کے نزدیک سب مذہب برابر ہیں ایک سے دوسرا جدانہیں معلوم ہوتا ہے اس لیے کہ ہر مذہب محیط وحاوی ہوتا ہے ان امہات واصول فقہ پر جو دین محمدی میں واجب وضروری ہیں اگرچہ مختلف ہو پس اگر کوئی تبع ایک مذہب کا نہ ہوتو آنحضرت ﷺ اس کی نسبت ناراض نہیں مگر اس صورت میں جب دین میں اختلاف اور لوگوں میں جنگ وجدال اور باہمی فساد کا موجب ہو اور یہ امر آپ کی نہایت غصہ کا موجب ہے اور اسی طرح میں دیکھا کہ تمام طرق صوفیہ مثل مذاہب کے آپ کے نزدیک برابر ہیں اور اس کے بعد ایک نکتہ سے آگاہ کرنا ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ بعض آدمیوں کے ذہن میں یہ ہوتا ہے کہ فلاں مذہب رسول اللہ ﷺ کو پسند ہے اور وہی مذہب حق ومطلوب ہے پھر اس میں قصور ہوجاتا ہے تو اس کے دل میں یہ اعتقاد جم جاتا ہے کہ میں نے قصور کیا اللہ اور رسول اللہ ﷺ کا پھر حاضر ہوتا ہے حضرت ﷺ کے حضور میں اور دیکھا

صلی الله علیه وسلم بابا مسدودا لا ینفتح فیقول هذه معاتبة منه علیه الصلوٰة والسلام علیٰ تقصیرة والتحقیق انه اتاه بصدر ممتلیء مخالفة وانکباها فانسد باب الفیض من جهة سوء القابلیة وقد یزعم الانسان ان الخروج عن المذاهب المدونة خروج عن ربقة التقلید للشرع والانقیاد لحکم الله وان لیس هنالک طریقة مضبوطة غیرها فیکون الخروج عنها عنده مرادفا او ملازمًا للخروج عن ربقة الانقیاد فیفطن بان النبی صلی الله علیه وسلم معاتب علیه وامثال هذه الشبهات کثیرا ما یقع للطالب ویجب التنبیه ایضا علی ان الناس یدخلون المدینة المنورة فیرون اهلها علی اعمال غیر مرضیة عندهم اوفی نفس الامر فیبغضونهم ویضمرون حقدا ثم یدخلون الروضة المقدس ویواجهون فاذا جاء وقف الصفاء والخلوق ترشح من الحقد مرارة فانکدر حالهم فایاک ثم ایاک ان یصدک من هذا النور الاتم علیه الصلوٰة والسلام امثال هذه الامور ورایته علیه الصلوٰة والسلام لابسا لباس العظموت والتشبه بالجبروت وله رقائق کثیرة بحسب تعدد کمالاته وتوجه الناس الیه

ہے اپنے دل میں اور رسول اللہ ﷺ میں دروازہ بند ایسا کہ نہیں کھلتا تو کہتا ہے کہ یہ عتاب ہے آنحضرت ﷺ کا میری تقصیر سے اور تحقیق یوں ہے کہ وہ آپ کے پاس اس طرح حاضر ہوا ہے کہ سینہ مخالفت اور رکاوٹ سے بھرا ہوا ہے پس فیض کا دروازہ قابلیت نہ ہونے سے بند ہوگیا اور کبھی گمان کرتا ہے انسان یہ کہ مذہب مقررہ کو چھوڑنا شروع کی پیروی اللہ کے حکم کی تابعداری کا چھوڑنا ہے اور تقلید کے سوا کوئی طریقہ مضبوط نہیں پس اس سے نکلنا اس کے نزدیک انقیاد شرع سے نکلنے کے برابر ہے اس سبب سے وہ جانتا ہے کہ نبی ﷺ کا اس پر عتاب ہے اور اسی طرح کے بہت سے شبہات جو طالب کو پیش آتے ہیں اور اس بات سے آگاہ کردینا بھی ضروری ہے کہ جب لوگ مدینہ منورہ میں داخل ہوتے ہیں اور وہاں کے لوگوں کے اعمال اپنے نزدیک برے دیکھتے ہیں یا وہ اعمال نفس الامر میں برے ہوتے ہیں تو ان سے بغض وکینہ رکھتے ہیں پھر جب روضہ مقدسہ میں حاضر ہوتے ہیں اور ادھر متوجہ ہوتے ہیں اور صفائی کا وقت آتا ہے اور خلوص کا تو اس کینہ سے تلخی ٹپکتی ہے ان کا حال مکدر ہوجاتا ہے خبردار خبردار اس سے بچنا کہ اس نورتم ﷺ سے ایسے امر روکتے ہیں اور میں نے دیکھا آنحضرت ﷺ کو عظموت کا اور تشبہ بالجبروت کا لباس پہنے ہوئے اور آپ کی بہت لطافتیں ہیں موافق شمار آپ کے کمالات کے اور لوگوں کا آپ کی طرف متوجہ ہونے کے اپنی استعدادوں کے موافق اور آنحضرت ﷺ

باستعداداتهم وامدني عليه الصلوٰة
والسلام في ذٰلك المجالس امدادا
اجماليا تفصيله المجددية والوصاية
والقطبية الارشادية واعطاني قبولا وجعلني
اماما وصوب طريقتي ومذهبي اصلا وفرعا
لا لجميع الناس بل الناس مخصوصين.
فطرتهم فطرة التحقيق بشرط ان لا يكون
سببا للاختلاف والتقاتل فهٰذه النكتة يجب
ان ينبه بها كل من اخذ مذهبنا اصلا وفرعا
وطريقتنا سلوكا ثم اردت ان اساله عن
مسائل مبادي الوجود ومراتب الوجود
والفناء والبقاء فاذا هو عليه الصلوٰة
والسلام متوجه بالكلية الى التدلي
المذكور فكلما اردت ان اساله منعني
استغراقي في كيفية حاله عند سواله
وعلمني ان اجلس بين يديه فاسال ربي
بلساني الذي حزو الملاء الاعلىٰ ثم التلفع
بنوره جدا ثم اسال ثم التلفع ثم اسال وهلم
جرا فعند ذٰلك يختلط سوالي وهمته
العليا فيصيب انسهم المرعى ورايته
مستقرا على حالة واحدة من حفظ صورته
الكريمة وكونه عيبة وكرشا وقاية ودعاء
لتدلي المذكور متوجها الى الخلق لابسا
لباس عظموت وفيه من القبول والجذب
والالفة ما لا يحصى ولا يدرك انتهائه

نے اس مجلس میں میری اجمالی امداد فرمائی کہ تفصیل
اس کی مجددیت اور وصایت اور قطب ارشادیت ہے
اور مجھ کو قبولیت عطا ہوئی اور کیا مجھ کو امام اور اچھا
فرمایا، میری طریقہ اور مذہب کو اصلاوفرعا لیکن سب
کے واسطے نہیں بلکہ واسطے خاص خاص لوگوں کے جن
کی فطرت میں تحقیق ہے اس شرط پر کہ وہ سبب
اختلاف اور زسوکشت کا نہ ہو پس اس نکتہ سے واجب
ہے آگاہ ہونا اسے جو ہمارا مذہب اصلا وفرعا اختیار
کرے اور ہمارے طرقہ سلوک پر چلے پھر میں نے
چاہا کہ دریافت کروں آپ سے مسائل مبادی وجود اور
مراتب جود اور فنا اور بقا تو میں نے دیکھا کہ آپ
بلکل متوجہ ہیں اس تدلی مذکور کی طرف پس جب میں
چاہتا تھا کہ پوچھوں تو میرا استغراق آپ کی کیفیت
حال کے دریافت میں مجھ کو روک دیتا تھا اور مجھ کو
سکھایا آپ نے کہ آپ کے روبرو بیٹھوں اور اپنے
رب سے سوال کروں اپنی اس زبان سی جو ملاء اعلیٰ کی
طرف ہے پھر مجھ کو نور نے لپیٹ لیا پھر سوال کیا پھر
لپیٹ لیا پھر سوال کیا غرض اسی طرح پھر اس وقت میں
مختلط ہوگیا میرا سوال اور آپ کی ہمت بلند پھر تیر نشانہ
پر پہنچ گیا اور دیکھا میں نے آپ کی صورت کریمہ کو
محفوظ حالت واحدہ پر اور یہ کہ آپ محل راز و کثیر
الامت اور نگاہبان اور ظرف تدلی مذکور کے ہیں جس
حال میں کہ لباس عظموت پہنے ہوئے لوگوں کی طرف
متوجہ ہیں اور اس میں قبول اور جذب اور الفت بیشمار
ہے کہ اس کی انتہا نہیں دریافت ہوسکتی پس جس وقت

فاذا توجه اليه انسان بجهد همته ولا اريد الانسان العالی اللهم فقط بل كل ذی كبد يشتاق الی شیء ويتوجه اليه بقصده وشوه فانه بتدلی اليه وهذا رد السلام واجابة الصلوات يعنی يحصل بسبب صنع هذا الانسان حالة شبهة بالقصد المتجدد وانا اعلمك سرا عظيما وهو ان الحكمة فی جعل هذه النسمة المباركة رعاء للتدلی ان يتقرب الحق جدا الی اهل الارض والی سفلتهم ايضا وكان هذا الجود لا يتم الا بتوسط النسمة ورايته عليه الصلوٰة والسلام ينشرح انشراحا عظيما لمن صلی عليه ومدحه ورايته صلی الله عليه وسلم بارزا مفيضا فيض الصحبة كمثل المشائخ الصوفية فی مجالس الافاضة وانا بين يديه وكل ما علمناك مشهد واجد من مشاهده وتفطن اخی محمد عاشق بسر عجيب لا اشك انه من المناقشة الحق ان الحج كمال تام من كمالات ولذلك يظهر فی قلوب الحجاج ابتهاج بانفسهم ويتحجج وسر المسئلة ان الوصول الی الله تبارك وتعالیٰ هو الكمال ولما تدلی الحق الی الحق بنصب الكعبة شعارا من شعائره كان الوصول اليها هو الوصول

متوجہ ہو آپ کی طرف کوئی انسان اپنی کوشش ہمت سے اور میری مراد فقط انسان عالی ہمت سے نہیں بلکہ جو اولوالعزم کسی شے کا مشتاق اور آپ کی طرف متوجہ ہو اس شے کے قصد اور شوق سے تو آپ تدلی کرتے ہیں اس کی طرف اور یہی رد سلام اور اجابت درود ہے یعنی حاصل ہوتے ہے بسبب اس توجہ کے انسان کو ایک حالت کی شبیہ ہے قصد متجدد کے اور میں بتاؤں تجھ کو ایک سر عظیم اور وہ یہ ہے کہ اس نسمہ مبارکہ کو تدلی کے طرف بتانے میں یہ حکمت ہے کہ اللہ کا بہت قرب ہو اہل زمین سے اور جو ان سے نیچے ہیں اور یہ بھی ہے کہ یہ جود تمام نہ ہوتا تھا مگر اسی نسمہ کے توسط سے اور دیکھا میں نے آنحضرت ﷺ کو بہت خوش ہوتے، اس شخص سے جو آپ پر درود پڑھے اور آپ کی مدح کرے اور میں نے دیکھا آپ کو ظاہر فیض صحبت پہنچانے والا مانند مشائخ صوفیہ کے مجلس افاضت میں اور میں آپ کے حضور میں ہوں اور یہ سب جو میں نے بتایا ایک مشہد سے مشہدوں میں سے اور بھائی محمد عاشق کو خوب معلوم ہوا ایک سی عجیب میں یقین کرتا ہوں کہ وہ حق کی طرف سے ہے یہ کہ حج ایک پورا کمال ہے اور کمالوں میں سے اور اسی واسطے حاجیوں کے دل میں بہت خوشی ہوئی ہے اور اس مسئلہ کا سر یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایک وصول ہی تو کمال ہے جب تدلی کی اللہ نے خلقت کی طرف کعبہ شریف کے قائم کرنے سے اور اس کو شعائر اللہ سے ایک شعار بتایا تو کعبہ شریف کی طرف وصول اللہ ہی

الی الحق بحسب المسافة فالوصول الی الله علی وجوہ والوصول بالمسافة ینتھی بالحج والله اعلم.

مشھد آخر سالته صلی الله علیه وسلم عن معنیٰ قوله کنت نبیا وآدم منجدل بین الماء والطین وما کان ھذا السوال بلسان المقال ولا الاخطار بالبال بل ملأت روحی شوقا وتروعا الیٰ ھذا السر ثم الصقتھا بجنابه اشد ما اقدر فامتلأت منه بصورة مثالیة فارانی صورته الکریمة المثالیة بل ان یوجد فی عالم الاجسام ثم ارانی کیفیة انتقاله الیٰ ھذا العالم من عالم المثال وارانی اشباح الانبیاء المبعوثین وکیف افیض علیھم النبوة من حضرة التدبیر حذو ما افیض علیه فی عالم المثال من تلک الحضرة وارانی اشباح الاولیاء وکیف یفاض علیھم العلوم والمعارف بعده فوضح لی الامر واستبان ووعیت عنه ما افاض علی من صورة المثالیة وفطنت بما اراد فی تلک الافاضة فھا انا افسر لک ما فطنت اعلم ان الله تبارک وتعالیٰ تدلیا عظیما متوجھا الی الخلق به یھتدون والیه یلجاؤن وھذا التدلی له فی کل برھة من الزمان شان فیبرز الی الخلق برزة بعد برزة وکلما برز برزة ظھر فی العالم عنوان

کی طرف وصول ہوا۔ بحسب مسافت اور وصول الی اللہ کے بہت سے طریقے ہیں لیکن وصول بالمسافت حج سے منتہیٰ ہے واللہ اعلم۔

مشھد آخر میں نے آنحضرت ﷺ سے اس حدیث شریف کے معنیٰ دریافت کئے جو آپ نے فرمایا ہے کہ ابھی آدم علیہ السلام آب وگل تھے کہ میں نبی تھا اور میرا یہ سوال زبان مقال سے نہ تھا اور نہ دل کے خطرات سے بلکہ اس سر کے شوق وآرزو سے میری روح بھری ہوئی تھی پھر میں ملا انجناب سے جہاں تک مین قدرت رکھتا تھا اور آپ کی صورت مثالیہ کے قریب پس آپ نے دکھائی اپنی وہ صورت مبارک مثالی جو پہلے عالم اجسام کی پائی جاتی تھی پھر دکھائی مجھ کو کیفیت اس عالم میں آنے کی عالم مثال سے اور دکھائیں مجھ کو صورتیں انبیاء مبعوثین کی اور یہ کہ کس طرح ان پر افاضہ ہوئی نبوت حضرت تدبیر سے مقابل اس کے جو ملے آپ کو عالم مثال میں اس حضرت سے اور دکھائیں مجھ کو صورتیں اولیاء کی اور یہ کہ کس طرح ان کو ملے علم اور معرفت بعد اس چیز کا جو مجھ کو حال معلوم ہوگیا اور ظاہر ہوگیا اور میں ظرف بن گیا، اس چیز کا جو مجھ کو ملا صورت مثالیہ سے اور میں نے جان لیا جو آپ نے اس افاضہ میں چاہا میں اب بیان کرتا ہوں تم سے جو میں سمجھا جاننا چاہیے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی تدلی عظیم خلق کی طرف متوجہ ہے اسی سے سب ہدایت پاتے ہیں اور اسی کی التجا کرتے ہیں اور اسی

لتلک البرزة وهو الرسول المبعوث الی
الخلق بالامر والنهی والتکلیف فالرسول
وما اتی به عنوان وتلک البرزة حقیقة فاذا
برز برزة ظهر فی الناس وعلوم ومعارف
تناسب تلک البرزة وان لم یعلموا انها
فائضة منها وانها تناسبها واللذین ظهر
علیهم هذه العلوم والمعارف ان کانوا
ممن اعتنوا بالاستنباط من کلام الرسول
فهم الاحبار والرهبان وان کانوا ممن لا
یعتنون بذلک وانما همتهم اخذ العلم من
الله تبارک وتعالیٰ فهم الحکماء
المحدثون اهل الحکمة والربانیة
فالقومان جمیعا آخذان من تلک البرزة
علموا او لم یعلموا وهذه هی المنة
العظمیٰ لا اخبار الرسول فانه لا یسمعه الا
قوم دون قوم فلما اراد الله تعالیٰ ان یخلق
آدم علیه السلام لیکون ابا النوع البشر
فارادة خلقه انما هی ارادة خلق البشر
جمیعا تحرکت الارواح البشریة الی
المثال المناسب بالاجسام فهیکل نبینا
صلی الله علیه وسلم ای هیکله المثالی
امکن من نفسه لانطباق هذا التدلی
بحسب برزة من البرزات فانطبق علیه
شبیها من انطباق الکلی علی الجزئی
وذلک لسابق عنایته الله به والناس لیوجد

تدلی کی ہر ایک دراز زمانہ میں شان ہے کہ خلقت کی
طرف یکے بعد دیگرے ظہور کرتی ہے اور جب ظاہر
ہوتا ہے کوئی ظہور تو عالم میں اس ظہور کا ایک عنوان
ہوتا ہے اور اسی سے مراد رسول ہے جو بھیجا جاتا ہے
خلقت کی طرف اللہ کے امر ونہی اور شریعت کے
ساتھ بس رسول اور وہ جو احکام لائے عنوان ہیں اور
وہ ظہور حقیقت ہے جب کوئی ظہور ہوتا ہے تو لوگوں
میں علوم و معارف پھر اس ظہور کے مناسب ہوتے
ہیں اگرچہ لوگ نہ جانیں کہ وہ فائض ہیں اس ظہور
سے اور اس کے مناسب ہیں اور جن پر یہ علم ظاہر
ہوتے ہیں اور معرفتیں اگر وہ ایسے لوگ ہیں کہ کلام
رسول اللہ ﷺ سے استنباط کر سکتے ہیں تو ان کو احبار
اور رہبان کہتے ہیں اور اگر وہ لوگ ایسے نہیں ہیں
اور ان کی ہمت ہے علم حاصل کرنا اللہ تبارک وتعالیٰ
سے تو وہ لوگ حکمائے محدث اہل حکمت ربانی ہیں تو
دونوں فرقے اس ظہور سے علم حاصل کرتے ہیں اس
بات کو جانیں یا نہ جانیں اور یہی بڑا احسان ہے نہ
اخبار رسول کہ اس کو کوئی قوم سنتی ہے کوئی نہیں سنتی تو
جب اللہ نے چاہا کہ آدم علیہ السلام کو پیدا کرے وہ نوع
بشر کے باپ ہوں تو آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کا
ارادہ بیشک سب نوع بشر کے پیدا کرنے کا ارادہ ہے
ارواح بشریت نے حرکت کی مثال کی طرف جو
اجسام کے مناسب ہے تو ہیکل ہمارے نبی ﷺ یعنی
آپ کی ہیکل مثالی بہت ممکن ہوئے اپنی ذات کی رو
سے منطبق ہونے کو اس تدلی کے موافق ظہور کے

لهم غياث يبعد لفيضان رحمة الله يوم الحشر ولعقد تشريع عليهم وذبدوى فاسده عنهم اذا احتاجوا الیٰ ذلک اشد حاجة فهٰذا معنى كونه صلى الله عليه وسلم نبينا قبل تسوية آدم عليه السلام ثم لما وجدت اشخاص البشر واختلف طرايقهم فمن مفرط من مفرط اتقضى التدبير الالٰهی ان يسوى امرهم فانطبق التدلى على رجل من طولاء الاشخاص فاوحى اليه ما فيه صلاح قومه وبرز ببعثه برزة ما من البرزات فانما المنطبق عليه من هٰذا النبى هو وجوده البشرىٰ وانما كان فى المثال حكاية انه يستعد لذٰلک فيفاض استعد له واما نبينا صلى الله عليه وسلم فكان الانطباق فيه بالفعل لا على الحكاية ثم لما وجد صلى الله عليه وسلم فى الحارج برز بيروزه برزة من برزات التدلى وتلک البرزة كانت مشتملة على قوة مثاليته فتلبست البرزة لباس المثال وسد الآفاق وما كان التدلى قبل بارزا بلباس المثال وان كان نفس المثال لابد منه فى الموجود وانما اعنى ان المثال لم يكن بين الله وبين خلقه بحسب بروز هٰذا التدلى قبله عليه الصلوٰة والسلام واما بعد فامتلا الجوّ وامتلات السمٰوات والارضون

ظہورات میں سے پس منطبق ہوگئی اس پر ارزوئے شبیہ کے جیسے کلی منطبق ہوتی ہے جزئی پر اور یہ سب اللہ تعالیٰ کے سابق عنایت سے ہے ان پر اور لوگوں پر تا کہ پایا جاوے ایسا مددگار کہ معین ہو فیضان رحمت خدا کا حشر کے روز اور ان کی شریعت کے منعقد کرنے والا اور واسطے ہٹا دینے کے ان سے امراض فاسدہ جب ان کو اس کی حاجت ہو بہت سخت حاجت پس یہ معنیٰ ہیں آدم سے پہلے کے آنحضرت ﷺ کے نبی ہونے کے پھر جب موجود ہوئے اشخاص بشری اور ان کی طریقے مختلف ہوئے کوئے افراط کرنے والا کوئی تفریط کرنے والا تو تدبیر الٰہی نے چاہا کہ ان کے کام میں اعتدال آ جائے تو منطبق ہوئی تدلی ان شخصوں میں سے ایک شخص پر اور وحی کی اس پر وہ باتیں جس میں اس کی قوم کی صلاح و درستی ہو اور ظہور کیا اس کے بعثت سے ایک بروزہ نے پس اس شخص پر اس نبی کا وہی وجود بشری ہی منطبق ہے اور بیشک وہ مثال میں حکایتا تھا تا کہ مستعد ہو وہ واسطے اس کے پس افاضہ کیا جاتا ہے وہ جس کی استعداد رکھتا ہے مگر ہمارے نبی ﷺ میں اسی وقت منطبق تھا، حکایتا نہ تھا پھر جب ظاہر ہوئے آنحضرت خارج میں تو ظاہر ہوا برزات تدلی سے ایک برزہ اور وہ برزہ مشتمل تھا قوت مثالیہ پر اس برزہ نے لباس مثال کو پہنا اور آفاق کو درست و سدید کردیا اور پہلے تدلی کا بروز مثال کے لباس میں نہ تھا اگرچہ نفس مثال کا موجود

بالهيكل المثال للتدلى وما من آخذ علما او معرفة او حالا الهيا او كمالا الا وماخذه القريب هذا الهيكل المثلى علم او جهل فكان عليه الصلوٰة والسلام خاتم النبيين وانقطعت النبوية بعده لا حقيقة عليه السلام التى بعثه كالعنوان لها هى هذه البرزة المثالية المستطيرة اذا فهمت ذلك تحقق عندك انه رحمة للعالمين وانه خاتم النبيين وان الانبياء عليهم السلام انما اخذوا الفيض عن حضرت التدلى وان كانوا فى عالم الاجسام واما الاولياء فانما ياخذون عن برزة مثالية هى حقيقة بعثه عليه السلام وما ميزت شخصا من اولئك الاشخاص عن السر ابراهيم عليه السلام فانه انعقدت نبوته فى الروح انعقادا اضعف من انعقاد نبوة نبينا صلى الله عليه وسلم فظهر التدلى ببعثه برزة روحية ظهورا اضعف من ظهور البرزة المثالية عند بعثة نبينا صلى الله عليه وسلم ولذلك لم يكن بعده كامل نبى ولا محدث الا فى ملكه ولما تنقطع النبوة فلما وجد نبينا ظهرت البرزة المثالية ظهورا بينا فانقطعت راسا وافيضت العلوم والمعارف فيضانا ثجاجا لانها فى الاكثر منعقدة فى المثالى.

ہونا تھا اور تحقیق اس سے مراد میری یہ ہے کہ مثال نہ تھی بحسب ظہور اس تدلی کے آنحضرت ﷺ سے قبل درمیان اللہ اور خلقت کے لیکن بعد میں پر ہوگیا جو اور سب آسمان اور زمان ہیکل مثالی تدلی سے پھر جس کو حاصل ہو علم یا معرفت یا حال الٰہی یا کمال تو اس کا ماخذ قریب یہی ہیکل مثالی ہے وہ جانے یا نجانے پس ہوئے نبی ﷺ خاتم النبیین اور منقطع ہوگئی آپ کے بعد نبوت اس لئے کہ حقیقت آنحضرت ﷺ کے جبکہ مبعوث مانند عنوان نبوت کے تھے وہ یہی بزرہ مثالیہ مستطیرہ تھا جب تم نے یہ بات سمجھ لی تو تم کو معلوم ہوگیا کہ آپ رحمۃ للعالمین ہیں اور خاتم النبیین ہیں اور سب انبیاء کو فیض اس تدلی سے ہوا اگرچہ وہ عالم اجسام میں تھے اور اولیاء اللہ حاصل کرتے ہیں فیض بزرہ مثالیہ سے کہ وہ حقیقت بعثت آنحضرت ﷺ ہے اور مجھ کو تمیز نہیں ہوا کوئی ان اشخاص میں سے اس راز کا مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام کہ ان کی نبوت عالم روح میں منعقد ہوئی ساتھ بعثت بزرہ روح ابراہیم علیہ السلام کے ضعیف ظہور بزرہ مثالیہ سے وقت بعثت ہمارے نبی ﷺ کے اور اسی واسطے آپ کے بعد نہ ہوا کوئی کامل نبی اور نہ محدث مگر آپ کی ملت میں اور نہ منقطع ہوئی نبوت پھر جب آئے ہمارے نبی تو ظاہر ہوا بزرہ مثالیہ بہت روشنی کے ساتھ اور منقطع ہوگئی، نبوت بالکل اور افاضہ ہوئی علوم اور معرفتیں اچھی طرح اس واسطے کہ وہ اکثر طور پر منعقد تھے مثال میں۔

تحقيق شريف فان قلت ما الحكمة في كون الناس في الزمن الاول بعد آدم عليه السلام ما يلين الىٰ جهود القريحة وخمود الطبيعة مخلدين الى الاحكام البهيمة يستنبط حينئذ من الارتفاقات الا القليل ولا من العلوم المحاضرية الطبيعة ولالهية الا القليل النادر مع طول اعمارهم وكثرة امعانهم وخوضهم ثم لم يزل من بعد ابراهيم عليه السلام يزيد قليلا قليلا في اليونان والروم والفارس وبني اسرائيل والمغرب والعراق والعرب حتى وجد سينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فثج بعده العلوم ثجا ونبع منهم العلوم الحكمة والفنون الادبية والمحاضرية والعلوم الشرعية بحيث لا انتها لها ولا ارجا قلت ان لله تبارك وتعالىٰ تدليا عظيما امتلاء منه السموات والارضون وحقيقة معرفته الشخص الاكبر بربه فانما لما عرف رب حق معرفته وتصوره كما ينبغي من تصورة ارتسمت في مدركته صورة شالخة تحكي جلال الله وعزه علىٰ وجهه وهذه الصورة دائمة ما دام الشخص الاكبر وهي منطبقة على الله وحاكية له اتم حكاية واوفقها بما في نفس الامر ثم لما وجدت العناصر والافلاك في الطبيعة الكلية

تحقیق شریف اگر تم پوچھو کیا حکمت ہے کہ زمانہ سابق میں حضرت آدم علیہ السلام کے بعد لوگ کند ذہن وسرد طبع وبہائم سیرت ہوئے کسی نے اس وقت ارتفاقات کا استنباط نہ کیا مگر قلیل آدمیوں نے اور نہ علوم محاضرات طبعی والہی ان کو حاصل ہوئے، مگر شاذو نادر کو باوجود یہ کہ عمریں بڑے بڑی پائیں اور فکر وخوض بہت کئے پھر بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کے تھوڑی تھوڑی، بڑھتی گئی یونان و روم و فارس و بنی اسرائیل اور مغرب اور عراق اور عرب میں یہاں تک کہ پیدا ہوئے ہمارے رسول اللہ ﷺ پھر تو علوم دریا رواں ہوگئے اور ان سے علوم حکمیہ کے چشمے جاری ہوگئے اور فنون ادبیہ اور محاضریہ اور علوم شرعیہ ایسے کہ جن کی انتہا ہے نہ حد میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی ایک تدلی عظیم ہے جس سب آسمان اور زمینیں پُر ہیں اور اس کی حقیقت شخص اکبر کا اپنے رب کو پہچاننا ہے پس جب اُس نے اپنے رب کو پہچانا جیسا اس کے پہچاننے کا حق تھا اور اس کا تصور کیا جیسا چاہیے اس کا تصور کرنا تو اس کے مدکہ میں ایک صورت عالیہ منقش ہوگئی جو یاد دلائے اللہ تبارک وتعالیٰ کا جلال وعزت جو اس کے شایان ہے اور جب تک شخص اکبر ہے تب تک یہ صورت قائم ہے اور وہ اللہ تعالیٰ پر منطبق ہے اور اس کی پوری طور پر یاد دلانے والی اور نفس الامر کے بہت موافق ہے پھر جب پیدا ہوئی عناصر اور افلاک طبیعت کلیہ میں تو یہ طبیعت کلیہ محفوظ تھی اس صورت میں اس طرح جیسی

